اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب مقاصد و مطالب کے لئے فتح الباب یعنی

طریق دعوت و اعمال

سورہ والشمس شریف

مع

ترکیب زکوٰۃ و نقش خاتم کبیر و صغیر

از تالیف لطیف

جامع شریعت و طریقت حضرت مولینا محمد ابراہیم خاں صاحب انصاری چشتی نظامی

حسب فرمائش غلام نظام الدین صاحب تاجر کتب دریبہ کلاں دہلی

(تجلی الیکٹرک پریس میں طبع ہوا)

بار دوم - تعداد ایک ہزار

قیمت ۶/

طب روحانی

تالیف جناب مولانا مولوی محمد ابراہیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔ جو دہلی کے مشہور عالموں سے تھے انھوں نے اپنے خاندانی بزرگوں کے پوشیدہ تیر بہدف یقینی کامیاب ہونے والے وظائف۔ اسرار عملیات جو سلف صالحین سے سینہ بسینہ چلے آرہے ہیں مع ترکیب اور معہ اجازت درج کردیئے ہیں۔ پس جب آپ خدانخواستہ پریشان ہوں اور کسی مصیبت میں گرفتار ہوں تو ان میں سے کوئی عمل یا وظیفہ کرکے دیکھیں انشاء اللہ ضروری کامیابی نصیب ہوگی ہزارہا مرتبہ کے آزمودہ عملیات وظائف آپ کے سامنے ہیں۔ غرض اس کتاب کا ہر اک عمل مجرب اور تیر بہدف ہے جو کبھی خطا نہیں کرتا جس کا ثبوت ہمارے پاس یہ ہے کہ تیسری مرتبہ چھپی ہے اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔ ہدیہ صرف ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

فردوس آسیہ

یہ کتاب جناب مولوی عبدالرب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف میں سے جو نہایت مقبول کتاب ہے اور بار بار چھپ چکی ہے اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوئی ہے۔ اب ہم نے نہایت صحت اور عمدہ لکھائی چھپائی کے ساتھ تیار کی ہے۔ اس کتاب میں پانچ حاشیہ قائم کئے ہیں اول حاشیہ میں حضرت ابوبکر صدیق کے فضائل و مناقب صحیح حدیثوں اور معتبر کتب تواریخ سے نقل کیے ہیں دوسرے تیسرے چوتھے میں خلفائے ثلثہ کے بالترتیب مناقب و محاسن بیان کئے ہیں اور پانچویں اہلبیت کے فضائل و محامد اور حسنین رضہ کی شہادت کے مفصل حالات ہیں۔ غرض یہ کتاب مسلمان کے واسطے دارین کی کنجی ہے۔ ہدیہ مکمل کتاب ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

مناجات مقبول

دنیا بھر میں ہر شخص کو اپنی فلاح اور بہبود کا خیال ہے۔ اللہ تعالےٰ نے اس کے دو اسباب پیدا کیے ہیں۔ مگر سب سے بڑھ کر دعا ہے۔ اور یہ کتاب بھی ایسی دعاؤں کا مجموعہ ہے جس کے بعد اور کسی دعاؤں کی ضرورت نہیں رہتی اس میں ہر روز کی ایک دعائیں بزبان عربی مع ترجمہ درج ہیں جس کے پڑھنے سے انسان کو دین و دنیا دونوں حاصل ہوتے ہیں۔ ہدیہ صرف آٹھ آنہ (۸ر)

مالابد اردو

اس میں نو کتابیں ہیں اور ہر ایک کی جداگانہ فصلیں ہیں۔ کتابوں کے نام یہ ہیں "ایمان" "طہارت" "نماز" "زکوٰۃ" روزہ۔ حج۔ تقوے۔ کتاب الاحسان اور تفاصیل میں بہت صحت سے کام لیا گیا ہے۔ قیمت عہر

ملنے کا پتہ خاکسار غلام نظام الدین تاجر کتب دریبہ کلاں دہلی

گذارش

عموماً اب تک جتنی کتابیں اور رسائل عملیات اور اوراد و وظائف میں شائع ہوئے اہل شرع کیجانب سے اُن پر اعتراض وارد ہوتے رہے اور وہ اہلحدیث کی نظروں میں وقعت اور اعتبار کی نظر سے نہ دیکھے گئے۔

ہمارا مدت مدید سے ارادہ تھا کہ دعوات عملیات قرآنی میں ایسے رسائل شائع کئے جائیں جو اہل شریعت کے نزدیک واجب الاعتراض نہ ہوں اور انکا طرق دعوات حدِ شرعی سے متجاوز نہ ہو۔ اس خیال کو ہم نے جامع شریعت و طریقت اکمل الکملاء و افضل الفضلا مولینا و بالفضل اولٰنا حضرت مولوی محمد ابراہیم خانصاحب تخلص بہ روحی کیخدمت عالی میں ظاہر کیا۔ آپنے بہ نظر فائدہ رسانی برادران اسلام منظور فرمایا۔ اور چند روز کے بعد یہ رسالہ ہم کو عنایت فرمایا۔ جس میں مذکورہ بالا خیال کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ ہم صمیم قلب سے حضرت موصوف کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اور ناظرین کی خدمت میں اسکو پیش کرتے ہیں امید ہے کہ پبلک کی نگاہوں میں وقعت سے دیکھا جائیگا۔ مسلمان بھائی اس سے فائدہ اٹھائیں گے اور مولانائے موصوف کو دعائے خیر سے یاد کرینگے

العبد المذنب خاکسار غلام نظام الدین عفی عنہ

تاجر کتب دریبہ کلاں دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لولیہ الاعظم والصلوٰۃ لنبیہ الاکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلم

بعد حمد ونعت مؤلف دعوت سورۂ والشمس مدعو بہ ابراہیم روحی خدمت میں ارباب دعوت وعلم سیمیا کی عرض رسا ہے کہ محققین عارفین کے کلام سے ثابت ہو کہ دنیا میں تین طرح کے عامل ہوتے ہیں اول حاکم عامل کہ وہ اپنی ریاضت شاقہ کے سبب سے روحانیات یعنی موکلات علوی کی مناسبت سے موکلات سفلی میں سے کسی عون کو اعوان سبعہ سفلی میں سے اپنا مسخر کر لیتا ہو اور وقت ضرورت کے حکماً اُس سے کام لیتا ہے پس وہ کام اکثر بے خطا ہو جاتا ہے۔ دوم وہ عامل کہ وہ کسی سورہ یا اسم حق تعالیٰ کا ویا کسی نقش کا اپنی محنت وریاضت سے عامل تو ہو جاتا ہے مگر بظاہر کوئی موکل علوی وسفلی حاضر ہو کر مسخر نہیں ہوتا صرف باطن میں خادم اس اسم حق تعالیٰ وسورہ قرآنی ویا آیات قرآنی کا خادم عالم مثال میں عامل کیجانب حسب اقتضائے ہمت و ارادات عامل کے متوجہ ہو کر عامل کی اکثر اوقات میں باذن حق تعالیٰ حاجت روائی کر دیتا ہے۔ سوم درجہ کا وہ عامل ہو کہ وہ اپنی ہمت کے موافق اسمائے الٰہی وسورہ قرآنی کو اکثر اوقات تلاوت کرتا ہے اُسکے اثر سے وہ عامل کا کام حسب مشیت الٰہی ہو جاتا ہے۔ اس مقام پر ہر ایک مسلمان ومومن کو یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ فاعل حقیقی دنیا وآخرت میں صرف واحد لاشریک اللہ تعالیٰ کی ذات جامع صفات الکمال ہے لیکن عالم اسباب دنیا میں جیسے بنی آدم باہمی تعاون ایک دوسرے سے رکھتے ہیں جسکو سیاسب مدن سے تعبیر کیا جاتا ہے اور ایک آدمی دوسرے آدمی کا بطور امداد باہمی کے کام کر دیتا ہے جیسا کہ رات دن ظہور پذیر ہو رہا ہے سو یہ تعاون وتناصر باہمی موافق مشیت حق تعالیٰ کے ظہور میں آتا ہے ایسے ہی عالم باطن میں ہر ایک شے ظاہری کیلئے ایک

قوت باطنی ہے جیسے کہ جسم سنکھیا میں قوت باطنی ہلاکت انسانی کی موجود ہے اور تریاق میں قوۃ باطنی موجب ابطال سمیت موجود ہے تو اُس کے فعل واثر کو سنکھیا و تریاق سے منسوب کر دیتے ہیں لیکن حقیقت میں اس باطنی و ظاہری جسم واثر کا خالق و فاعل حقیقی اللہ تعالیٰ کی ذات ہے ایسے ہی خدا کا کلام اور اُسکی تمام اشیاء ظاہری میں داخل ہیں۔ انکی باطنی قوت کا نام موکلات اور اعوان رکھا گیا ہے یہ ہی اُنکے افعال و خواص کے نام سے پکارے جاتے ہیں یعنی جملہ اشیائے مادی کی تاثیر و قوت باطنی کا نام ملائکہ خادم الحروف رکھا گیا ہے وہ عامل کے حال کے باطن میں نگراں ہوتے ہیں۔ وہ حسب مشیت حق تعالیٰ کے عامل کا کام کر دیتے ہیں جو کہ فی الحقیقت حق سبحانہ تعالیٰ اُسکا فاعل حقیقی ہوتا ہے۔ اس مقام پر یہ نکتہ قابل سمجھنے کے ہے کہ تاثیر اشیاء کے لئے از روئے فعل کے حقیقت ضرور ہے مگر بظاہر اُسکے لئے کوئی شخصیت نہیں ہوتی جیسے کہ سنکھیا کی خاصیت ہلاکت تو از روئے فعل کے حقیقت میں موجود ہے مگر اسکی سمیت کے لئے شخصیت محسوسہ نہیں ہے اور ملائکہ علویہ اور اعوان جنیہ سفلیہ کیلئے اگرچہ ہماری نظروں سے بالاتر ہیں شخصیتیں ہستیاں ضرور موجود ہیں مگر اُنکی شخصیت ہمیں نظر نہیں آتی۔ جیسا کہ حدیث شریف میں وارد ہے۔ ملک الجبل۔ ملک السحاب۔ ملک الرعد۔ ملک البرق اور دیگر قرآن مجید میں بیدہٖ ملکوت کل شیٔ وارد ہے۔ یعنی ہر ایک چیز کے لئے اُسکا ملک موکل موجود ہے۔ اور ہر ایک موجود قبضہ خدا تعالیٰ میں ہے۔ اُسکی مشیت سے ہر ایک چیز کی حرکت و سکون ہے۔ وہ نکتہ قابل فہم کے یہ ہے کہ اس عالم ناسوت سے بالاتر ایک عالم مثال ہے۔ جو چیز عالم حس و شہادت میں یعنی ناسوت میں عرض ہے جیسے کہ اثر سنکھیا کے ساتھ قائم ہے۔ پس سنکھیا جوہر ہے اور اُس کا اثر اُسکو عرض عارض ہے مگر یہ ہی عرض عالم مثال میں مانند جوہر کے شخصیت میں موجود ہوتا ہے جسکی تشخیص نظر اشراق سے اکثر ہو جاتی ہے۔ دوسرا مسئلہ متعلق اعمال کے یہ ہے کہ عامل کے لئے ہزار شرطوں کی ایک شرط اعظم اکل حلال۔ صدق مقال و ہمت و استقلال ہے۔ اس امر میں کہ مجھے اپنے عمل میں کامیابی لازمی ہے اور عمل کیلئے بخور مناسب بشرط ریاضت کے ضروری ہے

تیسرے نمبر کا وہ عامل ہی کہ دعا و اسم و سورہ قرآنی کو حسب ہدایت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ویا حسب ہدایت اپنے پیرو مرشد کے تلاوت کرکے حاجت روائی کیلئے دعا مانگ لیا کرے وہ رجما بالغیب کامیاب ہوجاتا ہی اس میں بجز تضرع وزاری کے کوئی شرط شروط عملیات سے نہیں ہوتی صرف حسن اعتقاد سے مناجات کرتا ہی کامیاب ہوجاتا ہی تو محنت حاصل ہوگئی۔ اگر کامیاب نہ ہوا تو کچھ ملال نہیں کیونکہ اسکی دعا کسی دیگر بلائے واردہ کو جسکا علم نہیں ہٹا لے گی۔ اگر یہ بھی نہ ہوگا۔ تو عاقبت میں ذخیرہ نیکی کا غیر معمولہ برآمد ہوکر باعث نجات ہوگا۔ غرض کہ یہ فعل بندہ کا رائگاں نہیں جاتا۔ پس ہم اس تمہید کے بعد ایک دعوت سورہ والشمس میں رسالہ ہذا کو وضع کرتے ہیں جو کہ حضرت شیخ المشایخ حضرت عبداللہ تلمسانی کی کتاب کنز الاسرار شموس الانوار کے گیارہویں باب سے اخذ کرکے اردو داں اصحاب کیلئے عربی زبان سے ترجمہ کرکے لکھتے ہیں۔ کیونکہ عجیب و غریب دعوت ہے نہایت سریع الاجابت ہی اور کوکب شمس سے منسوب ہی۔ جس کی بابت شیخ و علامہ محمد عبداللہ تلمسانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس دعوت کو ایک شیخ عراقی بغدادی سے دس برس کی خدمت و حاضر باشی کی مدت کے بعد بدقت تمام حاصل کی ہی۔ اور جب شروط دعوت موصوفہ کے ادا کئے تو نہایت صحیح پایا۔ شیخ عراقی بغدادی اس عمل کے ذریعہ سے عجیب و غریب خوارق عادات پر تصرف رکھتے تھے اور مجھ سے یہ فرماتے تھے کہ جسقدر میں نے اس دعوت کے تصرفات تعلیم کئے ہیں وہ سب کے سب مجربات صحیحہ سے ہیں۔ پھر اس کی بابت شیخ علامہ مؤلف شموس الانوار نے ایک حکایت لکھی ہے

حکایت

کہ میں اور شیخ عراقی ایک کشتی میں سوار ہوکر سفر کر رہے تھے کہ ناگاہ باد مخالف سے ہماری کشتی آوارہ وغیرہ منتظم ہوکر ایک ایسے جزیرہ میں پہنچی کہ وہاں ایک شہر سفید رنگ کا نظر آیا کہ جس میں بالکل جنات اور روحانیات آباد تھے اُن کا کوئی کلام میری سمجھ میں نہیں آتا تھا۔ لیکن وہ شیخ عراقی ان سے خوب کلام کرتا تھا اور اُنکا کلام اچھی طرح سمجھتا تھا۔ غرضکہ وہ جنات کی زبان سے بخوبی ماہر تھا اور میں محض نابلد تھا۔ پھر اس جزیرہ کی سیر کرکے اُسی کشتی کے ذریعہ سے ہم دونوں

ایک دوسرے جزیرہ میں پہنچے اُس جزیرہ کے مرد و عورت کچھ عجیب و غریب ہیئت و صورت
کے تھے اور وحشیانہ پن اُنمیں زائد تھا۔ اور میں اُنکی زبان سے بھی ناواقف تھا اور شیخ
عراقی اُنکی زبان سے بھی واقف تھا۔ میں اسقدر ضرور جان گیا تھا کہ شیخ عراقی کسی عمل
کا عامل ضرور ہی۔ جسکی برکت سے باوجود طغیانی و طوفان سمندر کے ہمیں اور ہماری کشتی
کو بجز آوارگی کے کوئی مضرت نہیں پہنچی اور نہ ہر دو جزیرہ کے مرد و عورت کے وحشیانہ پن سے
ہمیں کوئی نقصان پہنچا۔ بلکہ برعکس اسکے اُنہوں نے ہماری ہر طرح سے امداد کی اور میری
حالت اس زمانہ میں یہ تھی کہ میں نے دعوت سورۂ والشمس کے کچھ اوصاف و اسناد
سنکر نادیدہ و نایافتہ اُسکا طالب ہو گیا تھا۔ اور اسکی تلاش میں رہا کرتا تھا ایکدن حسن اتفاق
سے شیخ عراقی سے میں نے سوال کیا اور خدا و رسول کا واسطہ دیکر دریافت کیا کہ آپ کون سے
عمل کے عامل ہیں اور اپنے ورد شبانہ روزی میں کیا پڑھا کرتے ہیں جسکی برکت سے جن و
انس و وحش و طیور سب آپکے مسخر ہیں اور آپکے طفیلی و معیت میں مجھے بھی کوئی ایذا نہیں
دیتا تو اسکے جواب میں شیخ عراقی نے ہنسکر یہ جواب دیا کہ جس عمل کا تو متلاشی و جویا ہے وہ
یہی عمل ہے جسکا تو مدتِ مدید سے طالب ہے مگر ادباً تو نے مجھ سے سوال نہیں کیا۔ عجب نہیں
کہ اسی کی اُمید میں تو میرا خادم بنا ہوا ہے اور اطاعت میں سرگرم رہتا ہے میں نے اسکا اقبال
کیا تو اس نے فرمایا کہ تیرا مافی الضمیر دعوت سورہ والشمس سے ہی اور یہ اسی دعوت سورہ والشمس کے
افعال و خواص کی برکت ہے جسکا تو معائنہ کر رہا ہے پس یہ جملہ تصرفات اس دعوت مبارک
کے ذریعہ سے میرے ہاتھ پر ظاہر ہو رہے ہیں۔ اُسوقت بصد التجا میں نے اُن سے سوال
کیا کہ یہ عمل مجھے تعلیم فرما دیا جاوے میں ریاضت کرنے پر آمادہ ہوں۔ تو اُسکے جواب میں شیخ
موصوف نے مجھ سے کہا کہ ابتک تو نے میری خدمت و اطاعت پانچ سال کی مدت سے کی
ہی اگر دیگر پانچ سال اسیطرح خدمت و اطاعت میں رہوگے تو میں بیدریغ تعلیم کر دونگا کیونکہ
مجھے جس شیخ سے یہ دعوت پہنچی ہی اُنھوں نے دس سال تک مجھسے خدمت لیکر تعلیم کی تھی

اور تعلیم کے وقت یہ فرمادیا تھا کہ اگر تو کسی کو یہ دعوت تعلیم کرے اور اجازت دے تو پہلے
اُس سے دس سال تک خدمت و اطاعت کے بعد اُسکو مع اجازت کے تعلیم کردینا۔ تب میں نے
پانچ برس تک دوسری مدت اُنکی خدمت و اطاعت میں بسر کی۔ تب اُنھوں نے یہ عمل مجھ
تعلیم کردیا۔ اور عہد و میثاق و چند شرائط کی پابندیاں مجھ پر عائد کردی گئیں اور یہ عہد کرا لیا
گیا کہ کسی نااہل کو یہ عمل نہ تعلیم کیا جاوے اور اہل نظر سے مخفی نہ رکھا جاوے پھر میں نے انہیں
کچھ مدت میں قیام کرکے ریاضت دعوت سورۃ موصوفہ کے حق کو ادا کردیا بعد ازاں اُن سے
جدا ہو کر اپنے گھر واپس آگیا۔ پھر جب میں پیرانہ سالی سے کمزور اور لاغر ہوگیا اور تقریباً قریب الموت
ہوگیا تھا۔ تو مجھے ازروئے الہام کے ہاتف غیبی نے مطلع کیا کہ تجھے اجازت دیجاتی ہے کہ
قید دس سالہ مدت کو قطع کرکے ہر طالب کو تعلیم کرسکتا ہے۔ تاکہ سلسلہ سند دعوت ہذا کا
قائم رہے۔ اور اسے کسی کتاب میں بھی درج کرسکتا ہے۔ تو پھر میں نے بعد استخارہ کے اپنی کتاب
شمس الانوار میں کہ جو بطور بیاض کے میرے ہمراہ سفر و حضر میں رہتی تھی درج کردیا تاکہ
اس دعوت کا پانے والا ہر وقت ہر زمانہ میں باجازت شیخ خود کہ بشرط ریاضت کو
ادا کرکے اُسکے تصرفات سے متمتع ہووے اور میں اس پر شہادت دیتا ہوں کہ اس عمل
سے بہتر میں نے کوئی دوسرا عمل آسان و مجرب نہیں پایا یہی قصہ بعینہ عزمیت دہروشیہ
کی نسبت واقع ہوا ہے جس کے افعال و خواص اسی رسالہ میں درج کئے جاویں گے اور جو
اُنمیں افعال و خواص یعنی تصرفات دعوت سورہ والشمس کے مجربات شیخ عراقی سے منقول ہیں
انھیں پر اکتفا کیا گیا ہے ورنہ اس دعوت کے شروط پورا کرنیکے بعد ہر ضرورت کیلئے کافی و افی ہوگا۔

نوٹ اللہ اکبر ایک وقت اور ایک زمانہ وہ تھا کہ ان عملیات کے حاصل کرنے میں کس کس
درجہ کی محنت و ریاضت محض حصول عمل کیلئے طالب کو کرنا پڑتے تھے جسکو محققین عملیات
نے اپنی ذات پر جستجوئے عمل میں صعوبت سفر بری و بحری کو برداشت کرنا پڑا اور پھر صاحب
عمل کی اطاعت و خدمت سالہا سال کی اپنی ذات پر واجب کرلی جب کہیں بعد محنت

ومشقت کے صرف عمل حاصل کیا۔ بعدہٗ پھر ریاضت شاقہ ترک حیوانات اور ترک لذات خورد و نوش کی مصیبت کو جھیل کر تلاوت کی محنت گوارا کر کے اُس عمل کے خادم موکل کو اپنا مسخر کر کے عمل کا پیچھا چھوڑا آجکل وہ زمانہ ہو کہ عمل بھی مفت موجود ہو اُسکے شروط ریاضت بھی مفصل موجود ہیں اور شوق کا اظہار تو بیحد کیا جاتا ہو مگر محنت و ریاضت کون گوارا کرے یعنی بزرگانِ دین کی قدموں کی برکت سے بطور ذخیرہ کے ہزاروں عملیاتِ نادر ہمارے پیش نظر موجود ہیں مگر ریاضت تو درکنار وقعت کی نظر سے بھی نہیں دیکھا جاتا بلکہ محض ایک مخول تصور کیا جاتا اور اُس کے افعال وخواص کی تردید کیجاتی ہو نعوذ باللہ منہا۔ یہ اصحاب ہمارے مخاطب ہیں۔ اگر ایکہزار اشخاص میں سے ایک کس بھی سعادت ازلی کے سبب سے عمل کی صلاحیت رکھتا ہو وہ ہی طالب عمل ہمارا مخاطب ہے، اور اُسی کے واسطے یہ امانت وودیعت خیال کر کے کتابی صورت میں عربی زبان سے اپنی اردو زبان میں ترجمہ کی گئی ہے تاکہ نوشتہ بماند سیہ بر سفید کی مثل اسپر صادق ہو جاوے۔ اصحاب علوم جدیدہ نئی روشنی والے جو کہ نفس امارہ کی ظلمت میں گرفتار ہیں بصورت انسان ہیں اور سیرت میں حیوانات سے بدتر ہیں اُن سے ہمیں کوئی بحث اور سروکار نہیں ہو۔ اب ہم صفت تلاوت دعوت سورہ والشمس کو بیان کرتے ہیں جسکے ضمن میں جملہ سورۂ قرآنی کے ادا و زکوٰۃ کو تصور کر لینا چاہئے یعنی دیگر سورہ قرآنی جیسے کہ سورہ مزمل والحمد اور چاروں قل اور دیگر طوال سورتیں جو کہ درمیان علمار عمل کے متداول ہیں اُن سب کے لئے ایک ہی قانون کلی ہے جبتک اس قاعدہ کلیہ کے موافق شروط ریاضت تلاوت دعوت سورہ والشمس اور دیگر سورۂ قرآنی ادا نہ کریگا وہ اپنے قضاء حوائج میں اور تعریفات محررہ میں کامیاب نہ ہوگا۔ ہر عمل کیواسطے صدہا پابندیاں وارکان وشروط داخلی وخارجی مندرجہ کتاب مطولہ موجود ہیں اگر ہم اُن سب کی صراحت اس موقعہ پر کریں گے تو ہماری یہ کتاب طول پکڑ جاویگی اور ہم ادائے مطلب سے بعید ہو جاویں گے۔ جس کی یہ صراحت ہے:۔

سورۃ الشمس مکیۃ وھی | بسم اللہ الرحمن الرحیم | خمس عشرۃ آیات

شروع ساتھ نام اللہ کے بخشش کرنیوالے مہربان کے

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ وَالنَّهَارِ

قسم ہے سورج کی اور دھوپ چڑھنے کی اور قسم ہے چاند کی جب پیچھے آئے اس کے اور قسم ہے دن کی

اِذَا جَلّٰهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝

جب ظاہر کرے اسکو اور قسم ہے رات کی جب ڈھانک لے اسکو اور قسم ہے آسمان کی اور اس ذات کی کہ بنایا اسکو

وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝

اور قسم ہے زمین اور جس نے کہ بچھایا اسکو اور جان کی اور جس نے کہ درست کیا اسکو پس

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝

جی میں ڈالی اسکے بدکاری اسکی اور پرہیزگاری اس کی تحقیق مراد کو پہنچا جس نے پاک کیا اس کو

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَآ ۝

اور تحقیق نامراد ہوا جس نے گاڑ دیا اس کو جھٹلایا ثمود نے بسبب سرکشی اپنی کے

اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

جب اٹھا بڑا بدبخت اس کا پس کہا تھا واسطے ان کے پیغمبر خدا کے نے محافظت کرو

نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝ فَدَمْدَمَ

اونٹنی خدا کی کو اور پانی پلانے اس کے کو پس جھٹلایا اسکو پس پاؤں کاٹے اس کے پس ہلاکی ڈالی

عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝ ع

اوپر انکے رب انکے نے بسبب گناہ ان کے کے پس برابر کر دیا اسکو اور نہیں ڈرتا پچھاڑی انکی سے

ترکیب زکوۃ دعوۃ سورہ والشمس شریف

اس طرح شیخ العراقی سے منقول ہے۔ اول اسکے لئے ہفت چیزوں کی دھونی چاہئے وہ

یہ ہیں۔ زعفران- لوبان- سلارس- بالچھڑ- چھریلا- پانڑی- کشنیز خشک۔ یہ جملہ چیزیں
نباتی ہیں۔ ہموزن یا کم و بیش لیکر کوٹ کر سلارس میں سرشتہ کر کے حبوب بنا رکھے
اور وقت تلاوت دعوت کے اسکی دھونی جلاوے۔ اگر بیبروج الصنم جسکو ہندی میں
لچھمنا کہتے ہیں ملجاوے تو اسکا کسیقدر جزء اس بخور میں بالضرور ملالیں۔ پھر بشرط
خلوت خمولت مع طہارت بدن یعنے غسل روزانہ وصیام واحرام نوچندی جمعرات
سے ماہ ثابت میں داخل مکانِ خلوت ہو۔ پہلے حصار آیت الکرسی وچاروں قل والحمد
وآخر سورہ حشر کا رکوع پڑھ کر اور کف دست پر تف کر کے تمامی بدن پر ہاتھوں کو پھیرے
اور چاقو پر دم کر کے اس سے مکان خلوت میں بقدر ضرورت کے مدور خط کھینچ لے
اور اکتالیس یوم کی ریاضت کی مع شرط صیام کے نیت چلہ کشی کی کرے۔ بعدہ مکان
خلوت میں داخل ہو کر دو رکعت نماز نفل بہ نیت افتتاح ریاضت کے پڑھکر اول مجرد
مع بسم اللہ شریف کے تین سو ساٹھ مرتبہ سورہ والشمس تلاوت کرے۔ پھر اثنائے دعوت کے
ایام میں بعد ہر ایک نماز پنجگانہ کے ۱۲ بار دعوت سورہ والشمس کو پڑھتا رہے اور نیت
اپنی قوی ہمت سے استخدام خدیم۔ دعوت سورہ والشمس کا پختہ تصور کرے مگر اپنی قوت
خیال میں اسکے ملک موکل بلباس سبز مسند سے ایک خوبصورت نوجوان جو مرد لغایت
درجہ حسین جمیل۔ جس کے سر پر تاج آفتابی تاباں و درخشاں مانند قرص آفتاب کے اسکے سر پر
موجود ہو۔ مگر حدت حرارت آفتابی نہ ہووے سامنے دست بستہ کھڑا ہوا منتظر حکم عامل
کا تصور کرے۔ اور اس صورت پاکیزہ کو روحانیت آفتاب کی تصور کرے کہ اس کے
گرد چھ صورتیں چھ کواکب کی اسکی خدمت میں دست بستہ ایستادہ اسکے چاروں طرف
قوت واہمہ سے منقش کر لیا کرے اور وقت شب کے روزانہ قبل خواب کے عزیمت
وہر دوسیہ کو ایک صد و تراسی مرتبہ تلاوت کر کے خالی الذہن ہو کر بامید خواب جمال
روحانیت کوکب شمس کے سو جاوے۔ ابتدائے عمل ہی سے اچھے اچھے خواب دکھائی

دیں گے۔ مگر ایک عمدہ کاغذ ڈبل ڈمی سفید پر ہر دو خاتم صغیر و کبیر کو نستعلیق خوشخط سے
لکھوا کر ایام ریاضت میں آنکھوں کے سامنے رکھے۔ اور پھر یہی ہر دو خاتم چینی یا زجاجی
پلیٹ میں زعفران و گلاب سے لکھکر یا لکھوا کر قریب غروب آفتاب کے آب مطر و یا دریائے
رواں شیریں پانی سے محو کر کے اپنا روزہ اس پانی سے افطار کرے اور اپنے حجرے کے
اندر روزانہ مانند روز اول کے جدید حصار مذکور کر لیا کرے۔ پس یوم آغاز دعوت سے
بیس ۲۰ روز گذر جائیں گے تو درمیان خواب و بیداری کے ایک صورت شیر غران عظیم الجثہ کی
ایک قسم سے نمودار ہو کر عامل سے کلام مانند آدمیوں کے کریگی۔ اگرچہ صورت اسکی مہیب خوفناک
ضرور ہو گی مگر عامل اُس سے خوف نہ کرے مستقل مزاج بنا رہے اور بخور کے بکثرت جلانے میں
اور تلاوت دعوت سورہ موصوفہ میں اپنی قوی ہمت سے مصروف رہے اگرچہ عالم
خواب بھی ہو مگر عامل قوتِ خیال سے ان ہر دو کام میں مشغول رہے اور جو بیداری ہو تو
موجودہ صورت میں بخور و تلاوت کسیقدر آواز سے اپنا وظیفہ ادا کرے اور اُسکے کلام و
سوال کا کچھ جواب نہ دے وہ تھوڑی دیر ٹھہر کر اور عامل کو ڈرا و دھمکا کر چلا جاویگا۔ پھر ایام
میں اٹھائیسویں ۲۸ روز اک دم سے ایک لشکر عظیم ہوام اور حشرات الارض کا عامل کے چاروں طرف
ظاہر ہو گا اُن سے بھی مانند شیر کے شیر رہے کچھ خوف و باک نہ کرے وہ بھی کچھ توقف کر کے
بعد ڈرانے دھمکانے کے ہی واپس ہو جائیگا۔ اس جملہ عمل میں یہ ہی دو موقعہ خوف و
خطر کے ہیں۔ کہ اُن سے خوف کھا کر اپنے استقلال کو ہاتھ سے نہ جانے دے بلکہ اس موقعہ
پر عامل دلیر و ہوشیار رہے بال بھی بانکا نہ ہو گا۔ پھر چالیسویں روز ایک لشکر عظیم الشان
نمودار ہو گا جس کے اندر پیادہ و سوار و حشم و خدم و اسپ و شتر و فیل و خچر و خر و نیز دیگر ارابہ
باربرداری کے بکثرت موجود ہونگے۔ جس کے اندر تیر انداز و علم بردار اور برہنہ اسلحہ
تیغ و چھرے وغیرہ ہاتھوں میں لئے موجود ہونگے جنمیں بہت سے افسران لشکر ہونگے
اور جہانتک عامل کی نظر جائے گی لشکر ہی لشکر بھرا نظر آئیگا۔ گویا لشکر سلطانی کا

عامل پر عالمِ شال کھل جائیگا اُنکے علموں کے سبز سبز پرچم ہوں گے اور ہر پرچم پر صورت آفتابی تاباں محسوس ہو گی اور اکثر سپاہیان لشکر کی وردی سبز پشمین عجیب و غریب درخشاں ہو گی۔ اس لشکر کے مقابلہ میں کسی بادشاہ دنیاوی کا لشکر ہیچ اور پوچ نظر آویگا۔ اِس منکشفہ لشکر کا تزک و احتشام دنیاوی تزک و احتشام سے بالاتر ہوگا۔ جس کا تماشا صرف عامل ہی کی آنکھیں دیکھ سکینگی۔ دیگر مردم کے تو خواب و خیال میں بھی ایسا لشکر نہ آیا ہو گا نہ آئیگا پس اس لشکر میں سے بعض سرداران وافسران لشکر خاص طور پر عامل کو السلام علیکم کہینگے پس اس موقعہ پر عامل اُن کے سلام کا جواب نہایت ادب سے دے اور کہے وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ اب عامل اُن افسران لشکر سے یہ دریافت کرے کہ تم میں ملک موکل سید برجیل نامی خادم دعوت عزیمت بسورہ والشمس کا کونسا ہے وہ اُسوقت عامل کو بتلادیں گے اور مشخص کرکے اشارہ سے دکھادیں گے اور بتادینگے کہ ملک برجیل روحانی یہ شخص ہے جو ہمارا سردار وافسر ہے۔ ہم سب اسکے ماتحت ہیں اور جو علوم سطح کرسی ربانی پر مرقوم و مرسوم ہیں یہ ہمارا افسر اُنپر مطلع ہے۔ اور جو علوم مکتومہ نورانی حضرت سلیمان علیہ السلام کے بساط پر مکتوب تھے یہ اُن سے واقف ہے اور ہر ایک چیز ان علوم مکتومہ کے متعلق عالم میں موجود ہے وہ اس ملک سید برجیل کے مسخر اور مطیع ہے۔ اسی کے واسطہ سے کشف حجاب اسرار الٰہی اور اظہار عجائب و غرائب نامتناہی مسلم و متحقق ہے۔ جسکے سبب سے اس ملک و سید برجیل کو ہر فعل عجیب و کرشمہ غریب پر تصرف و قدرت حاصل ہے۔ پس جو عامل اس سید ملک برجیل کا تسبیح سورۂ موصوفہ میں مصاحب ہو جائیگا وہ اِن علوم ربانی اور اسرار روحانی کا حامل اور اقتباس کنندہ ہو جاویگا۔ اور یہ کل علوم مکتوم بطور مجموعہ کے ایک خاتم کے نگینہ پر کندہ و نقش ہیں۔ یعنی اُس میں مندرج ہیں۔ اگر عامل کسی خدمت والتجا سے وہ خاتم ملک موصوف سے حاصل کرلے گا تو اُس نے جملہ علوم مکتومہ حاصل کرلیئے

غرض کہ عامل کو اس ملک عظیم کے خدام جملہ امور دعوت متعلقہ سے خود بخود آگاہ کر دیتے ہیں جسکی وجہ سے اس موقعہ پر خدام کی یاد دہانی عامل کیلئے کبریت احمر کا کام دیتی ہے پس عامل اُن کے کلام سے مستفید ہو کر بخور جلانے میں عجلت کرے اور تلاوت دعوت سورہ والشمس کو خوش گلو لہجہ سے باآواز بلند کرے جس سے ملک سید برجیل عامل کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور اس موقعہ پر یہ بخور ہفت کواکب کی عزیمت کا بکثرت جلاوے وہ یہ ہے ص جوتری و سندرس۔ و کوڑیہ لوبان۔ وکافور و زعفران و شنط و مصطگی جملہ ہفت اشیاء ہموزن لیکر بعد سحق کے حبوب یا سفوف بنا رکھے اور اس موقعہ پر بکثرت جلاوے گویا کہ عامل کی طرف سے یہ ہی بخور ملائکہ علویہ کی دعوت مانی گئی ہے کیونکہ کھانے و پینے سے تو جملہ ملک بے نیاز ہیں مگر روائح مناسبہ اُنکی تفریح و خوشنودی کا سبب ہو جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے اعمال علویہ میں بخورات طیبہ مقرر ہیں۔ پس عامل کو لازم ہے کہ **ملک موکل سید برجیل علیہ السلام** خادم سورہ والشمس کو اپنی طرف بذریعہ السلام علیکم کے سبقت کرکے متوجہ کرے اور ادب و وقار و التجا سے بعد اتمام ورد مقررہ کے ملک موصوف سے ہم کلام ہو جاوے اور اپنے مدعا و مطلب کو اُسپر اظہار کرے وہ عامل سے کچھ عہد و میثاق لیگا تو عامل فوراً اپنی رضا اور رغبت سے جو معاہدہ طلب کرے یہ معاہدہ پختہ خادم سورہ موصوفہ سے کرلے۔ اب خادم اپنی خدمت کی نشانی وہ خاتم جسکا پتہ اُس کے لشکری افسر نے دیا تھا عامل کو عطا کرے گا یہ اُس خاتم کو لیکر اُسکا شکریہ ادا کرے۔ پھر وہ اس خاتم کی نسبت کچھ ہدایت کرے گا۔ جسکی پابندی عامل پر واجب و لازم ہو گی۔ اگر عامل سے اُس خاتم کے معاملہ میں کچھ بے احتیاطی ہو جائے گی تو عمل ساقط ہو کر رجعت عمل کا اندیشہ ہو جائیگا۔ اور بحالت پابندی ہدایت کے بموجودگی اُس خاتم کے یہ عامل حاکم عامل اول نمبر کا ہو جاویگا۔ مگر یہ امر ضروری نہیں ہے کہ عمل ہذا کی تکمیل ایک ہی چلّہ کی مدت میں ہو جاوے گی۔ ہاں اگر

عامل سابق زمانہ سے اسماء الٰہی کے مستجین میں سے متقی اور پرہیز گار ہوگا اور شروطِ عمل کا سابقہ زمانہ سے پابند ہوگا تو ایک ہی چلہ میں عمل ہذا مکمل ہو جائے گا ورنہ عامل کو لازم ہوگا کہ جب تک دو مرحلہ شیر غرّاں وحشرات الارض کے گذر کر تیسرا مرحلہ لشکر خادم سورہ موصوفہ کا طے ہو وے سلسلہ خلوتِ ریاضت دعوت سورۂ والشمس کو بدستور جاری رکھے قطعاً کامیاب ہوگا۔ پس جبکہ یہ مرحلہ ہر سہ واقعہ کا گذر کر عمل حسب سند مذکورہ بالا مکمل ہو جاوے تو عامل کو لازم ہے کہ اس خاتم کو اپنے دست راست میں پہن لے اور اُس کے اسرار کو علم ونظر خلائق سے ہمیشہ مخفی رکھے اور اپنے اس راز پر کسی فرد بشر کو مطلع نہ کرے ورنہ یہ دولت ہاتھ سے جاتی رہے گی۔ اور عامل پر واجب ہے کہ بعد حصول خاتم کے خادم کو مع لشکر کے رخصت کا اذن دیدے کہ وہ چشم زدن میں نظر سے غائب ہونگے۔ زاں بعد عامل روزانہ بعد ہر نماز کے گیارہ مرتبہ تلاوت کرتا رہے اور یہ پابندی اگر نہ ہو سکے تو شب کو سوتے وقت اکیس[۲۱] بار دعوت سورہ والشمس کو مدام تلاوت کرتا رہے اور اکیس[۲۱] بار بعد نماز چاشت کے دن کو پڑھتا رہے جملہ تصرفات سورۂ موصوفہ کے عامل کو حاصل رہینگے اور ہر جمعرات کو حسب قاعدہ غسل و احرام باندھ کر بخور جلا کر شب کو اکتالیس[۴۱] بار سورہ والشمس کی دعوت کو تلاوت کر لیا کرے۔ پھر جب کوئی حاجت منجملہ ہیجدہ گانہ حاجات کے ویا اس کے علاوہ کوئی مہم درپیش آوے تو حسب ہدایات اُس خاتم کے ذریعہ سے ملک موکل سید برجیل علیہ السلام کی حاضرات کرے وہ فوراً حاضر ہوگا اور اسکی حاجت کو اپنے کسی عون سفلی کے حوالہ کر کے غائب ہوگا۔ اور وہ کام عامل کا پلک مارنے کی مدت میں مکمل ہو جاویگا۔ یہی مفہوم حاکم عامل کا ہے یہ امر عامل پر واجب ہے کہ عامل اپنی حال سے کسیکو مطلع نہ کرے۔ اگر مطلع کردے گا تو وہ خاتم غائب ہو جاویگا۔ اور اُس کا غائب ہونا ہی رجعت عمل کی علامت ہے ممکن ہے کہ کسی سخت مصیبت میں مبتلا ہو جاوے۔ اور جو عامل اس نمبر اول کے عمل کو مکمل

نہ کر سکے مانند مشائخوں کے اُسکا ورد اپنی ذات پر واجب کر کے کسی مقدار مقررہ پر تعداد میں تلاوت کرتا رہے گا تو یہ دعوت عزیمت سورہ والشمس جلب قلوب بنی آدم وبنات حوا اور جامع خلایق میں اور فتوحات دینی ودنیاوی میں بدون شرط مذکورہ عمل کے بغایت مفید وموثر ہوگا۔ جلب خیر وبرکت میں بے نظیر عمل ہے۔ اجازت شیخ کی سخت ضرورت ہے۔ اب ہم خاتم عمل ہذا کے صغیر وکبیر رسالہ ہذا میں درج کرتے ہیں دونوں کو خوش خط میں لکھوا کر اپنے سامنے رکھے رجعت عمل سے امن میں رہے گا

خاتم کبیر سورہ والشمس کی یہ ہے

وجفان	کالجواب	وقدور	راسیات	اعملوا	آل	داؤد	شکرا	وقلیل	من	عبادی	الشکور
کالجواب	وقدور	راسیات	اعملوا	آل	داؤد	شکرا	وقلیل	من	عبادی	الشکور	وجفان
وقدور	راسیات	اعملوا	آل	داؤد	شکرا	وقلیل	من	عبادی	الشکور	وجفان	کالجواب
راسیات	اعملوا	آل	داؤد	شکرا	وقلیل	من	عبادی	الشکور	وجفان	کالجواب	وقدور
اعملوا	آل	داؤد	شکرا	وقلیل	من	عبادی	الشکور	وجفان	کالجواب	وقدور	راسیات
آل	داؤد	شکرا	وقلیل	من	عبادی	الشکور	وجفان	کالجواب	وقدور	راسیات	اعملوا
داؤد	شکرا	وقلیل	من	عبادی	الشکور	وجفان	کالجواب	وقدور	راسیات	اعملوا	آل
شکرا	وقلیل	من	عبادی	الشکور	وجفان	کالجواب	وقدور	راسیات	اعملوا	آل	داؤد
وقلیل	من	عبادی	الشکور	وجفان	کالجواب	وقدور	راسیات	اعملوا	آل	داؤد	شکرا
من	عبادی	الشکور	وجفان	کالجواب	وقدور	راسیات	اعملوا	آل	داؤد	شکرا	وقلیل
عبادی	الشکور	وجفان	کالجواب	وقدور	راسیات	اعملوا	آل	داؤد	شکرا	وقلیل	من
الشکور	وجفان	کالجواب	وقدور	راسیات	اعملوا	آل	داؤد	شکرا	وقلیل	من	عبادی

اور خاتم صغیر سورۂ والشمس کی یہ ہے

٧٨٦

اقرب	اوھو	بالبصر	کلمح	بالبصر	اوھو	اقرب
اوھو	بالبصر	کلمح	بالبصر	اوھو	اقرب	اوھو
بالبصر	کلمح	بالبصر	اوھو	اقرب	اوھو	بالبصر
کلمح	بالبصر	اوھو	اقرب	اوھو	بالبصر	کلمح
بالبصر	اوھو	اقرب	اوھو	بالبصر	کلمح	بالبصر
اوھو	اقرب	اوھو	بالبصر	کلمح	بالبصر	اوھو
اقرب	اوھو	بالبصر	کلمح	بالبصر	اوھو	اقرب

اب ہم خاص دعوت سورۂ والشمس شریف کو تحریر کرتے ہیں۔ طالب عامل کو چاہئے کہ وہ اپنے شیخ مرشد سے صحیح طور پر اس عزیمت دعوت سورۂ والشمس کو حفظ یاد کرے اور قبل ادائے زکوٰۃ کے کچھ مدت تک کسیقدر دن کو کسیقدر رات کو تعداد معین کر کے بدون شروط لازمی کے پڑھنا شروع کردے تاکہ عمل ہذا سے عامل کو مناسبت ہوجاوے وہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اَسْاَلُکَ بِاُلُوْھِیَّتِکَ وَرَحْمَانِیَّتِکَ وَبِمَیَلٰینِ رَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ یَا اِلٰہَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اَسْاَلُکَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِکَ وَمُنْتَھٰی رَحْمَتِکَ ..... رُوْحَانِیَّتِکَ یَا مَنْ ھُوَ لِکَوْنِ اِلٰہٌ وَالشَّمْسِ وَضُحٰھَا اسالک یارب لواو ...

وھذا فیتک ان تفیض علی من شموس معارف عنایتک انوار التشرق فی قلبی فی عالم
حسی واشراق الشمس فی النھار یا عالم الاسرار فقد ضعی الحجاب منظما فیما بینی وبین
علوم قد سئل سبلی دالغفلۃ فلما اشرقت علیہ تجلیات معارف عنایتک ذھب
غسق الغفلۃ بالوا وس والقمر اذا تلٰھا یا من خلق البدر المنیر لا فاض علیہ من
انوالمستضیلۃ فذھب بہ الظلام اکشف عن عقلی حجاب الغفلۃ درونوا الحواس
الانسانیۃ فیضئ مصباح القلبی بید ھدایتک والنھار اذا جلٰھا یا من خلق النہار
وصیر فیھا الاعمال قد نفید علی مخلوقات الاقدار وافاض علی الخواص من عبارۃ
ینابیع الاسرار الصمدانیۃ عنایتہ وجعل ارواح الروحانیہ والملوک الارضیۃ صافیۃ
ومجلیۃ لمن تلا ھا بمعارف لطائف من اقسام دعوات کتابہ اقسم بھذہ الدعوۃ
الرفیعۃ المستجابیۃ عند الیس منطظرون الموکل علی طراز معانی رقوم الکرسی
المنظرف من بحور المواھب بطایع الانوار توکل ایھا السید میطظرون فی ھرام الملک
الروحانی قاعد الجیش الاعظم الذی لہ المرتبۃ الشامخۃ فی السراکا کبو الیس بر جبیل
اقبل ایھا الملک انت وروحانیتک وجنودک وکل من کان داخلا تحت طوع حکمک
اقبلوا یا معشر الروحانیین واھبطوا علی الملوک الارضیین واقبلوا بالخیام والرماۃ
والطبول والنبول والرعود والبروق واحضروا بین یدی وافعلوا ما امرتکم بہ حتی
اراکم بعینی واکلمکم بلسانی وانتم تجیبونی عن کل ما سالتکم عنہ من استنزال
الفلوس واخراج الکنوز والدفائن واستخراج السرقۃ واحضار الغائب وکلما طلبتہ
منکم من اخبار السنۃ وما اراد اللہ وقوعہ فی الکون کان لکم درایتہ وعلما فی المغیبات
حسیا انکم تعلمون وذلک من الروحانیہ والروحانیۃ یعلمون من روسائکم وامرائکم
یعلمونہ من السید میطظرون المطلع علی ما فی جانب الکرسی الایمن من الامور
الحضرۃ الفردانیہ من الملک میکائیل علیہ السلام فبحق مزیۃ السید میطظرون

عند الروحانية العلوية الا ما اجبتونی بالروحانية هذه الدعوة واقدمونی فی تبدیل
الکاغذ فضة وذهبا وفی انقلاب الاحجار جواهرا یاقوتا وانقلاب النبات زعفرانا و
انقلاب الصخور ذهبا وفضة مسکوکة وتبدیل الاوراق من الاشجار والجلود دراهم
ودنانیر والتربیع وحجاب الابصار وفتح الاقفال والاغلال والبرکة فی الزرع والفاکهة
والادام وطی الارض والطیران فی الهواء والمشی علی الماء وجلب الطعام والشراب
وجلب الدنانیر والدراهم وتدمیر الظالم وقتله وجمه والحرقه فی کل شیئ بحق العادة
حتی اشاهدنا من خصوص الناس العجائب والغرائب من افعالکم اقسمت علیکم
ایها السید میططرون انت وجنودك الروحانیة لهذه الدعوة العظیمة المقدار
المحرقة بنارها من ابی الاجابة منکم وخالف امری ولتسمی هذه ولم یحضر حموح القائمین
بجذمته هذه الدعوة الا ما امرت الملك برجیل ان یعطینی خاتم السر افعل به جمیع
ماطلبت والیل اذا یغشها اللهم اطلع قمرا تواد جلالك وجمالك علی سوادا وزاری
فیغشی مسکینا ضیاء الجمال قلیح اعمالی والسماء وما بنها فیا سماء المرتفعة بغیر عماد
بالاسماء العالیة علی الاطوار والبناء المرتفع والسر النور المجتمع ان تمدنی بمقالید اسرار
الروحانیة والارض وما طحها اللهم بحق من سعی علی قرار ارضك من ملك مقرب
نبی مرسل وولی کامل و عابد وراکع وساجد وقائم وقاعد ان تسخر لی الملك الروحانیة
والارواح الظاهرة الطیرة الارضیة این مذهب الموکل بیوم الاحد اقبل بحق روقائیل
وبدریك الشمس این المرة الموکل بیوم الاثنین اقبل بحق جبرائیل وبدریك القمر
این الاحمر الموکل بیوم الثلاثا اقبل بحق سمسائیل وبدریك المریخ این البرقان الموکل
بیوم الاربعاء اقبل بحق میکائیل وبدریك العطارد این الابیض الموکل بیوم الجمعة
اقبل بحق عینائیل وبدریك این شمهورش موکل بیوم الخمیس اقبل بحق صرفیائیل
وبدریك المشتری این میمون الموکل بیوم السبت اقبل بحق کسفائیل وبدریك

الزحل اقبلوا ايها الملوك الارضية السبعة والروحانية العلوية السبعة افعلوا ما
امرتكم به منكل ماذكرته لكم اوطلبته منكم به فاظهروا ابواره منكل عجوبة ونفس وما
سوّىها - اسئلك بانفاس ملٰئكتك و انفاس انبيائك وكل نفس مطمئنة امنة
ذاكية تسري في عوالمها الى الحضرة الصمدانية فتنظر ما فوق الفوق وما تحت التحت
من العرش الى الفرش فتحمل انوار بصائرها منشاهد الملك والملكوت وتنطق بمقامها
الى ما في الجبروت فالهمها فجورها اللهم الهمنا الصواب في الافعال والاقوال والهمني
بعلمك ما يراد به قلبي قوة وكشفا حتى اشاهد منك الالهام فلا يخفى على بصيرتي وما
سيقع من النبأ في الانام واسألك التقوى لنفسي بك لا طاقة لي يا الله ولا قوي الا بما
اقضيت على عوالمي من جميع مواهب صنعك ولا تجعل لنفسي صيحة الاذكار ولا دعوتي دعوة
الفجار التي ليس لها قرار عندك ولا صعود قد افلح من زكّٰها اللهم اجعلني من المفلحين
الذين هم اهل الصلاح والفلاح والنجاح واصلح لي العوالم وسخرهم لي وزكّ نفسي بمغفرتك
ورحمتك ورضوانك واسبل على سرادقات الوارد وقد خاب من دسّٰها اللهم ان
ظنون القاصدين هلاكي ومضرتي كثرت فاهلكم ولا تفتنهم وشتت شملهم كذبت
ثمود بطغوٰها فاهل الكذب مردودون بطغيانهم ومحرومون من مقامهم لديك كما ان
الملوك الارضية وتاج الخدمة السيد ميططرون بمقالة لهم اسمعوا واطيعوا اذا دعاكم
فلان ابن فلان ولا تعصوا اسماء الله تعالى واقسامه التي دعاكم بها وان ابيتم رميتكم بشهاب
ثاقب من اسماء الصلاح اذا انبعث اشقٰها ما ابعث اللهم الى روحانية فهذه الدعوة
يجد موقفي في كل ما اريد ولا تجعلني من اهل الشقاوة والضلالة والمعصية فقال
لهم رسول الله ناقة الله وسقيٰها فبني سوالك صالح عليه الصلوة والسلام و
ناقته ولسيما ان تلقي على مقاديس روحانيتك فتخرق لي الحجاب فاشاهد
عالم عالم الروحانية والاسرار الفردانية والانوار الربانية فكذبوه فعقروها

فمن كذب باقسامك وآيات كتابك فاعقره بالارواح العلوية والسفلية عقراً فدمدم

عليهم ربهم بذنبهم فسوّٰىها وبالله اسألك ان تنزل على من عصى فهذه

الدعوة التي فيها اسماءك واقسامك وطريق الفتح من الخاصة من عبادك

شديد العذاب العقاب الصواعق الخارجة من ابواب نعمتك ولا يخاف

من اطاع اقسامك ودعواتك من الاعوان والعفارية عقبىٰها ؁

نوٹ - اب ہم افعال و خواص و تصاریف اس دعوت عزیمت سورہ والشمس کے جو کہ شیخ العراق رحمۃ اللہ علیہ کے مجربات سے منقول ہیں اُسکی انواع اٹھارہ عدد از روئے شمار کے ثابت ہیں وہ یہ ہیں -

خاصیت اول واسطے گرفتاری جن و پری کے جو آدمی پر مسلط ہو جاتے ہیں

پہلا تصرف آسیب زدہ یعنی مصاب شخص کے جن و پری مُسلط شدہ کے گرفتار کرنیکے اور اُسکے آسیب اُتارنے کے بیان میں ہے - پس جو عامل یہ چاہے کہ میں آسیب زدہ کا علاج کروں پس جو بلا عفریت کی حلول شدہ دماغ و بدن سے نکالکر گرفتار کرکے قید کرلوں تو پہلے اُسکو یہ لازم ہے کہ دعوت سورہ والشمس کو کسی ظرف چینی مسطح میں زعفران و گلاب سے لکھ کر پھر آب زلال باران رحمت سے دہو کر اُسکو کسی پیالہ مناسب میں ڈالکر اُس پانی میں اپنی نظر جما کر اور اپنے عکس کی آنکھ میں آنکھ ملاکر عزیمت سورہ والشمس کو تلاوت کرنا شروع کرے اور جو بخور یوم حاضری ملک موکل سیدبرجیل کے جلایا تھا اُسی بخور کو خوب جلاتا جاوے اور خصوصاً شنط سیر وح الصنم کو زیادہ جلاوے حتی کہ وسط آب ہذا سے ایک حجاب رفع ہوگا تو ایک صاف میدان نظر آئے گا - اُس میدان میں ایک جماعت کلاں افراد جن و پری کی منکشف ہوگی اور یہ حاضرات عالم مثال کے انکشاف سے نمودار ہوگی - یعنی عامل کی آنکھوں سے ناسوتی حجاب مرتفع ہو کر عالم مثال کھل جائے گا پس اُس

جنات ہیں سے خدیم سورہ والشمس یعنی ملک موکل سید بر جیل علیہ السلام کی تلاش کر کے مشخص کر کے اُسکے ذریعہ سے اس آسیب زدہ کے جن و پری وغیرہ کو جو مریض کے دماغ و بدن پر مسلط ہو رہا ہے گرفتار کرا کے جہاں مناسب سمجھے گھیر کر دفن کرا دے اور اس عمل کی صحت کی یہ علامت ہے کہ اسیوقت یعنی قید کے وقت مریض تندرست ہو جائیگا اور پھر اعادہ نہ کرے گا صرف کسیقدر ضعف اندر محسوس ہوگا۔ اور باقی جملہ اعراض اُسکے رفع دفع ہونگے۔

اور علاوہ۔ اس علاج یعنے گرفتاری آسیب جن و پری و چڑیل و بھوت و دیگر ارواح خبیثہ جن و شیطان کے اگر واسطے برآمدگی مالِ مسروقہ اور مشخص کرنے چوروں کے بعینہ یہی عمل کیا جاویگا تو ملک موکل خادم سورۂ موصوفہ کا قطعی حاضر ہوگا۔ و یا کسی صاحب کو کوئی مرض مجہول لاحق ہو اور تشخیص میں اطبا ر وقت کی نہ آوے تاکہ اُسکا علاج کلی و جزوی کیا جاوے و یا کوئی دیگر کام مجہول کے معلوم کرنے کیلئے یہ حاضرات کیجاوے گی تو ملک موکل موصوف کے ذریعہ سے یہ عقدہ کھل جاویگا۔ مگر اس موقعہ پر یہ قاعدہ کلیہ یاد رکھنا چاہیئے کہ جس ضرورت کیلئے خادم سورہ موصوفہ کو طلب کیا ہے اُس کی بابت سوال و جواب کرکے بعجلت تمام اپنی کار برآری کر کے موکل ملک کو جلد رخصت کر دے ایکبار کی حاضرات میں متعدد مختلف معاملات کو درپیش نکرے تاکہ خلط مبحث نہو جاوے اور خادم کو دیر تک ٹھیرانا نہ پڑے۔ زیادہ گفتگو اور مختلف سوالات سے اور زیادہ ٹھیرانے کے سبب سے ملک موکل کا مزاج مکدر ہو جانیکا اندیشہ ہے۔ اگرچہ عملی تسخیر اور معاہدہ کے سبب سے ایکبار میں متعدد کام مکمل تو ہو جاویں گے مگر اُسکو زحمت ہوگی۔ جس سے آیندہ نتیجہ خراب ہو جانیکا قوی اندیشہ ہے۔ دوم جو خاتم خادم موکل نے عامل کو عطا فرمایا ہے اُسکی بابت جو کچھ ہدایات حاضرات کرنے کیلئے فرمائی ہیں تو یوم حاضرات کو حسب فرمایش خادم کے عامل پر تعمیل واجب ہوگی۔ سوم حاضرات کا دن گرد و غبار آندھی و بارش مسلسل سے پاک و صاف ہونا ضروری ہے۔ چہارم وقت حاضرات کا زوال سے پہلے پہلے ہو جاوے اور حاضرات

سے پہلے عامل گوشت وغیرہ نہ کھاوے بلکہ کچھ بھی نہ کھاوے تو بہتر ہے پنجم و ششم عامل کو حاضرات کے وقت مستقل مزاج رہنا چاہیئے۔ اسوقت کچھ خوف وغیرہ طاری ہوتا ہے دل کو مضبوط رکھکر کام شروع کرے۔ عامل غسل و احرام کے بعد یہ کام کرے۔ بس سرقہ و دفینہ و کیفیت شخص مفرور کی و یا کیفیت مریض کی وغیرہ وغیرہ ضروریات بشری کیلئے مقرر ہے مگر انمیں سے جس کام کیلئے حاضرات کریں وہی کام ملک موکل سے لے کر اُن کو رخصت کردیے اور ایکدن میں ایکبار کے سوا اس عمل کو نہ کرے۔ عمل ہذا کو بازیچہ طفلاں نہ کر ڈالے۔ ورنہ انجام خراب ہوگا:۔

خادم سورہ موصوفہ کا ہر ایک سوال کا جواب باصواب معقول دیگا۔ اور بیان اُسکا ہمیشہ صادق و راست نکلے گا۔ کبھی غلطی کو راہ نہ ہوگی۔ اور جو کچھ خادم سورہ کو جواب دینا منظور نہو گا وہ فوراً انکار کردیگا۔ صاف یہ کہدے گا کہ اس سوال کا جواب دینے سے نہ دینا بہتر ہے۔ پس اُنکے انکار پر پھر جواب مانگنا فاش غلطی اور نتیجہ خراب ہوگا۔ اور حقیقت اس حاضرات کی یہ ہوگی کہ ملک موکل کسفیائیل علیہ السلام نامی جو موکل فلک ہفتم کوکب زحل کا مالک ہے وہ مع اپنے خدم و حشم کیساتھ جو کہ اُس کا لشکری علوی و سفلی ہے وہ اُس پانی میں ورود کرے گا جو کچھ عامل پر منکشف ہوگا اُس موکل کا ایک میر منشی دوسرا موکل اسمٰعیل نامی اسکے ہمراہ ہوگا جس کے خبر دینے میں کذب کو دخل نہ ہوگا۔ اور ان سب پر حکومت ملک موکل ہید برجبیل نامی کی ہے۔ یہ سنیچر کے دن کی حاضرات کا قصہ ہے۔ ورنہ جس دن حاضرات کیجاوے گی اور حاضرات منکشف ہوگی اُسیدن کا ملک موکل معہ عون سفلی کے حاضر ہوتا ہے۔ اور جو لشکر اُسکے ماتحت ہوتا ہے وہ بھی حاضر ہوتا ہے۔ پھر ان سب پر اصل خادم سورہ موصوفہ کی اطاعت لازمی ہوتی ہے۔ پس بسبب موجودگی اس جملہ حشم و خدم مع عون مخصوصہ کے کام حاجتمند کا طرفۃ العین میں سرانجام پاتا ہے۔ اور صحت عمل کے آثار مترتب ہوجاتے ہیں فافہم۔ والسلام

خاصیت دوم جلب اخبار نامعلوم میں

جسکو دوسرے لفظوں میں استخارہ کہہ سکتے ہیں یہ خاصیت واسطے طلب سچی خبر کے مقرر ہے کوئی معاملہ مجہول و نامعلوم ہے عامل چاہتا ہے کہ میں اس عقدہ کو حل کروں کہ اس معاملہ میں کیا ہوتا ہے وکیا واقع ہو چکا ہے اور کیا فی الحال وقوعہ ہے۔ یہ اسطرح مقرر ہے کہ عزیمت دعوت سورۂ والشمس کو بعد ہر نماز کے عامل اسکا سات بار بہ نیت حاجت کے تلاوت کرتا ہے اور بخور اسکا معہ قصب الزامدہ کے وقت تلاوت کے مع شنط کے جلایا کرے۔ اور شب کو قبل از خواب شب کے سترہ مرتبہ عزیمت دعوت سورہ موصوفہ کو پڑھے اور اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھ کر سو جایا کرے پس ایک ہفتہ یہی عمل بطور استخارہ کے پڑھتا ہے پس ساتویں روز ایک قدیم ملوک ارض سبعہ میں سے خواب یا بیداری و یا نیم خوابی کی حالت میں عامل کے پاس آئیگا اور خیر و شر عالم کون و مکان کی سچی خبروں میں سے خبر مطلوبہ سے عامل کو مطلع کردیگا۔ پس جس خبر کی طلب میں یہ استخارہ کیا گیا ہے ساتویں روز سچی خبر قطعی طور پر عامل کو تعلیم کردیگی اور اسیکے موافق اس خبر صادق کا نتیجہ مرتب ہو گیا۔ فافہم والسلام۔

خاصیت سوم دست غیب کاغذی میں

یہ ایک عمل ہے جو کہ پانچ حاجتوں کیلئے شیخ العراق کے تجربات سے ثابت ہو چکا ہے۔ اب ہم اُن پانچوں عملوں کو جدا جدا اسی خاصیت سوم کے بعد میں درج ذیل کرتے ہیں جو کہ ترتیب وار بھی ہے۔ اسمیں سے پہلا عمل یہ ہے کہ اصلی درم کے پیمانہ کے موافق ڈبل کاغذ ڈمی کے درم قطع کرے یہ کاغذی درم اصلی درم نقرئی سے منقلب ہو جاویں گے جس کا یہ عمل ہے کہ جسطرح عامل نے واسطے زکوٰۃ دینے دعوت سورہ والشمس کے لیے مع شروط ریاضت کے ابتداء حالت میں طریق چلہ کشی کا اختیار کیا تھا انہیں شروط کیساتھ گیارہ یوم کیلئے

خلوت خمولت اختیار کریں اور بعد ہر نماز کے سات بار دعوت سورہ والشمس کو پڑھے اور آیندہ ایام
خلوت میں قبل خواب شب کے اکتالیس ۴۱ بار دعوت سورہ والشمس تلاوت کرکے سویا کرے اور
ہر وقت کے وظیفہ کے اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھ لیا کرے اور اسوقت
بخور طیبہ جلایا کرے پس گیارہویں روز سات نفر مومنین جنات کے گروہ سے حاضر ہونگے
اور بعد سلام وجواب معمولی کے عامل کو لازم ہے کہ ان سے تبدیل دراہم اصلی کیلئے درخواست
کرے اور ان سے اثبات کا عہد لیکر رخصت کردے پھر وقت ضرورت کے جدید کاغذ کے
دراہم قطع کرکے بقدر ضرورت کے کاٹکر پھر جامہ کبود پہ خاتم کبیر لکھ کر اس میں یہ قطعات کاغذی
دراہم ملفوف کرکے سفید ریشم کے تار سے دوختہ کرکے اپنے ہاتھ سے ایک پاک صندوق میں
بند کردے اگر دس صاع وزن تک صندوق میں رکھ کر بند کردے گا تو جائز ہے اپنے اس صندوق
کو سامنے رکھکر بخور عزیمت مذکور کا جلاوے اور تلاوت دعوت سورہ والشمس میں مشغول
ہوجاوے حتی کہ صندوق کے اندر سے ایک آواز مانند آواز مگس عسل نحل کے محسوس ہوگی۔ پس
جب اس آواز کو اچھی طرح محسوس کرے کہ آواز کا یقین ہوجاوے احساس آواز میں کچھ شک وشبہ
باقی نہ رہے تو اس بکس کو یا اس بکس کے کیسہ کو برآمد کرکے پانی میں ڈالدے کہ وہ غرق ہوجاوے
پس اس ضرورت کیلئے جلسہ واحد میں اکتالیس مرتبہ دعوت والشمس کو پورا کرکے پانی سے
بکس کو یا کیسہ کو برآمد کرے۔ پھر اپنے ہاتھ سے اسکو کھولے وہ جملہ دراہم کاغذی مبدل بدراہم
فضہ کے ہوجائیں گے۔ اب یہ دراہم تاقیامت متغیر نہ ہوں گے۔ عبداللہ تلمسانی رحمۃ اللہ
علیہ فرماتے ہیں کہ یہ ہمارا عمل مجرب ہے۔ یہ عمل تو دراہم فضہ سے انقلاب کا تھا اب چوتھا عمل
دنانیر سے انقلاب کا ہے یعنی سکہ ذہب سے منقلب ہونیکا ہے۔ فافہم والسلام

خاصیت چہارم دینار کاغذی کے اصلی دینار ذہب سے بدلجانے میں

اسکی یہ ترکیب ہے کہ پہلے کاغذ کو مناسبت کے سبب سے زعفران کے رنگ میں زرد کرلیں

دیا پوست آہو دباغت شدہ رنگین کے قطعات موافق پیمانہ دینار کے قطع کئے جائیں اور ہر ایک دینار کاغذی کی ایک طرف لفظ (طلیش) لکھدیا جاوے اور دوسری جانب لفظ (ہلیش) لکھدیا جاوے جس روشنائی سے لکھا جاوے وہ گلاب و عفران و شنجرف مع ضمغ عربی کے ہووے۔ پھر ایک ظرف پاک میں وہ خاتم کبیر لکھے۔ پھر ان کاغذی سکوں کو اس ظرف میں رکھا جاوے اور بخور ہفت ارکانی عزیمت دعوت سورہ والشمس کا جلا کر انکو دیا جاوے اور بوقت تحریر و قطع سکہ جات کاغذی کے بخور بدستور جلاتا رہے۔ اب مکان خلوت میں بیٹھکر تلاوت عزیمت دعوت سورۂ موصوفہ کو شروع کرے اور ظرف کاغذی سکوں کی اپنے سامنے مصلے پر رکھے اور سلسلہ تلاوت کا اسقدر جاری رکھے حتی کہ ایک پرندہ جانور سفید رنگ کا پرواز کرتا ہوا آکر ظرف مذکور پر آبیٹھے اور اس ظرف کو جنبش دے اور غائب ہو جاوے جان کہ وہ عمل ہذا کا موکل خادم تھا اپنا کام آکر کر گیا۔ یہ علامت استجابت عمل کی ہے۔ پس بعد ظہور علامت مذکورہ کے عمل کو ختم کر کے ظرف کو کھولکر دیکھے کہ وہ جملہ دینار کاغذی اصلی سونے کے دینار سے بدل جاویں گے۔ اور پھر کبھی متغیر نہ ہوں گے۔ فافہم۔ والسلام

خاصیت پنجم پتھر سے جواہر اصلی یواقیت بنجانا اور معمولی نباتات سے اصلی زعفران کا بنجانا

اسکا خاص اثر ہے یعنی پانچویں خاصیت اس عمل کی یہ ہے کہ معمولی پتھر سنگریزہ جواہر یواقیت و زمرد سے بدلجاتے ہیں۔ ایسے ہی معمولی گھاس زعفران کشمیری و خراسانی سے بدلجاتی ہے۔

کیفیت عمل ہذا کی یہ ہے کہ پہلے کاغذ مناسب رنگ کے رنگین لئے جاویں پھر اسپر خاتم کبیر کو مناسب روشنائی سے خوشخط لکھا جاوے بعدہ سنگریزہ مناسب رنگ کے لیکر خاتم لکھے ہوئے کاغذ میں ملفوف کئے جاویں۔ پس اگر زمرد بنانا ہو تو سنگریزوں کو زنگار نحاس سے رنگین کیا جاوے۔ اور جو یاقوت بنانا ہو تو شنجرف کے رنگ سے یا سنگریزوں کو رنگین کر لیا جاوے ویا اسی رنگ کے رنگیں پتروں کے نگینے لئے جاویں اور الماس و نیلم و یا پکھراج اصلی بنانا ہو

تو اُسی رنگ کے سنگپارہ لئے جاویں اور جس رنگ کے جواہرات بنانا ہوں اُسی رنگ کے کاغذ پر خاتم کبیر لکھی جاوے اُس میں وہ پتھر ملفوف کر دیئے جاویں اور اُسکو کوڑیہ لوبان کی خوب دہونی دے۔ پھر ہفت بار عزیمت دعوت سورہ والشمس تلاوت کرکے کاغذ موصوف الذکر پر قف کردے اور عین تلاوت میں خدام عزیمت کو جوہر مطلب کے بدل دینے پر مسلط کر دے اور اضمار میں حسب دستور سوگند دلادے لیکن جن جواہر اصلیہ کا اقلاب مطلوب ہو تو اُن سنگریزوں میں اصلی جواہر کی باریک کھر قدر قلیل ملادے۔ یعنی ہمراہ دیگر احجار نقلی کے ملفوف کردے اور جو کسی نبات کی زعفران بنانا منظور تو قدرے اصلی زعفران بھی اُس گھاس کے ہمراہ ملفوف کردے اور بدستور ہفت مرتبہ دعوت سورہ واقعہ تلاوت کرکے مع اضمار کے کاغذ مذکور پر قف کردے اور صنعت زعفران کے عمل میں سفید یا سُرخ یا زرد یا تینوں صندلوں کی دُہونی جلاوے کوئی غیر معمولی علامت پرندہ وغیرہ کی نمودار ہونے سے اجابت عمل کی علامت تصور کرکے کاغذ ملفوف کو مجرد سورہ والشمس تلاوت کرتا ہوا کھولے پس گھاس تو زعفران کشمیری ہو اور سفید پتھر الماس و یاقوت براق سے اور نیلے پتھر اصلی نیلم کے جوہر سے اور سبز پتھر زمرد زبابی سے اور سُرخ پتھر یاقوت رمانی سے اور زرد پکھراج سے منقلب شدہ برآمد ہونگے۔ فافہم والسلام۔

خاصیت ششم پتھر کا اصلی سونے و چاندی سے بدلجانے میں مقرر ہی،

ص۔ چھٹا تصرف اِس عمل دعوت سورہ والشمس کا یہ ہی کہ معمولی سنگریزوں کا سونے و چاندی سے بدل لینا منظور ہو تو اُس سنگریزے کو بدستور کاغذ مناسب رنگ پر خاتم کو لکھ کر اُس میں ملفوف کرکے عامل اپنے مصلے پر اپنے مقام خلوت میں حسب قاعدہ بعد طہارت کامل و احرام کے عزیمت دعوت سورہ والشمس کو اکیسو اکبار تلاوت کرے اور بخور ہفت ارکانی بکثرت جلاتا رہی اور ملفوف کاغذ پر ہر ایک ہفت بار کے بعد قف کرتا رہے اور اصل مطلب پر

خادم سید برجیل و سید مطیطردن کو سوگند یاد کر کے موکل و مسلط کر دے۔ پس بعد ختم اکیسو ایکبار کے وہ پتھر ملفوف حسب خواہش سونے یا چاندی سے بدل جاویں گے۔ عمل کے اول و آخر میں درود شریف کا اول و آخر ہفت ہفت بار پڑھ لینا ضروری تصور کرے پس بعد تبدیلی ایکبار کے پھر مدت العمر آئندہ تغیر و تبدیل نہ ہوگی۔ پس کاغذ کو کھولکر اپنی تبدیل شدہ چیزوں کو اخذ کر کے تصرف میں لاوے۔ اکل حلال روزی ہے مگر عمل کے راز کو جملہ مخلوق سے مخفی رکھے۔ فافہم والسلام۔

خاصیت ہفتم خزینہ و دفینہ دریافت کرکے نکال لینے میں

عاملوں کی اصطلاح میں اس عمل کو تربیعہ کہتے ہیں پس جس مکان میں کسی تحریر یا قرینہ سے دفینہ کا موجود ہونا تو معلوم ہو جاوے مگر یہ نہ معلوم ہو کہ اس مکان میں کس مقام پر کس خاص جگہ دفن ہے۔ پس ایسی صورت میں عمل کے ذریعہ سے موضع دفن خزینہ کا مشخص ہو جانا درکار ہے پس اس کیلئے ویا اس موضع دفینہ کا مشخص ہو جانا تو معلوم کسی سبب سے ہو گیا ہے مگر غلبہ اعوان اجنہ سے اسکے حصول پر قدرت نہیں وہ خبیث ارواح مزاحمت کر کے مالک مکان کو نہیں نکالنے دیتے کبھی اس جگہ سے کسی دوسری جگہ اصل مال کو سرکا دیا۔ کبھی خواب و بیداری میں نقصان پہنچا دیا۔ کبھی قتل کی دھمکی سے ڈرایا کبھی اصل مال کو کنکر پتھر و کوئلہ وغیرہ سے تبدیل کر دیا ویا بعض دفعہ کسی کے گھر چوری ہو گئی کہ وہ نان شبینہ کو محتاج ہو گیا تو مالک مال کو اصل مال مسروقہ کی تلاش ہے کہ وہ واپس ملجاوے خواہ چور کو سزا ملے یا نہ ملے مگر طالب کا کام ہو جاوے تو ان مذکورہ بالا صورتوں میں عمل ہفتم کی ترکیب سے عقدہ کشائی ہو جاتی ہے تو اس کی یہ ترکیب عملی ہے کہ پہلے کاغذ مناسب پر خاتم کبیر کو مشک و عنبر و زعفران و گلاب کی روشنائی سے خوشخط لکھے۔ پھر اسکے گرد چاروں طرف اضمارات خدام عمل ہذا کے لکھ کر مکمل کرے اور بخور مذکور خدمت کا مع طہارت کاملہ کے بکثرت جلاتا رہے اور سات بار

عزیمت موصوفہ کو بھی تلاوت کرے اور کاغذ مذکور پر قف کر دے۔ پھر اُس کاغذ کو ہوا میں اُچھال دے پس جس موضع پر دفینہ مدفون ہوگا اُسی مقام پر وہ کاغذ آکر ٹھہر جائے گا دیا اُسی جگہ مال مسروقہ مدفون کر دیا گیا ہوگا۔ اُس جگہ کے کھودنے میں مال مدفون بے مضرت برآمد ہو جائے گا۔ اور جو اعوان مزاحمت کریں ویا کوئی مخالف شعبدہ دکھائیں تو اس نیت سے ہفت مرتبہ دعوت سورہ والشمس دیگر مرتبہ تلاوت کر کے اور اُس موضع پر قف کر کے حصار کر دے اور پھر سات بار بدستور تلاوت کر کے کفدست خود پر دم کر کے تین بار زور سے دستک دے کوئی ویا دیگر روح خبیث نہ ایذا دے سکیگی۔ اب سانی سے وہ جگہ کھود کر مال برآمد شدہ کو اپنے قبضہ میں کر کے کام میں لاوے۔ اب مالک مکان کیلئے یہ مال جائز واکل حلال ہوگا۔ بشرطیکہ حکومت خائن سے مخفی رکھے۔ فافہم۔ والسلام

خاصیت ہشتم جلب دراہم ودینار میں

جبکہ عامل کامل کو اپنی ضرورت کیلئے مال کی حاجت پڑے اور پاس رقم موجود نہ ہو تو عامل کو لازم ہے کہ طہارت کامل کیساتھ لوح عود مسطح ومصفیٰ پر خاتم کبیر کو روشنائی مذکور سے لکھے اور بخور ہفت ارکان والی کو خوب جلاوے اور عزیمت دعوت میں احضار درہم و دینار پر ملک موکل کو بطور اضمار کے مسلط کر کے حسب دستور سوگند دیدے اور تلاوت کرنا شروع کر دے حتیٰ کے درہم ودینار مطلوبہ سکّہ کے خود بخود پردہ غیب سے نمودار ہو کر موجود ہو جاویں تب اُن پر قبضہ کر کے اپنے کار خیر میں صرف کرے گا میاب ہوگا۔

نوٹ) اضمار کرنا عاملوں کی اصطلاح میں عبارت عزیمت دعوت میں اُسکے خادم موکل علوی ویا خادم عون سفلی کو اپنے ادائے مطلوب پر قسم دیکر مسلط کر دینے کو اضمار کہتے ہیں۔ اور حروف تہجی کیلئے عاملوں کے فن کے اندر کچھ حروف مفرد مقرر ہیں جنکو مرکب کرنے سے کچھ اسمار ملائکہ کچھ نام جنات کے اور کچھ دیگر الفاظ غیر مفہوم المعنی مرکب ہو جاتے ہیں جنکو ان

حروف کی ویا اسمار الٰہی کی ویا متن کلام اللہ کی قوت باطنی کہتے ہیں۔ یعنی ہر ایک چیز کے کیلئے ایک ظاہر ہوتا ہے۔ ایک باطن ہوتا ہے۔ ظاہر کو بدن کہتے ہیں باطن کو اُسکی روح کہتے ہیں اور بدوں روح وبدن کے کوئی چیز سلامت نہیں رہسکتی اور ظاہر تو ہر ایک چیز کا ایک محدود مفہوم ہے اور باطنی) روح اسکی ایک مفہوم مبہم بلکہ مجہول رہتی ہے جس آ جتک بجز علماے تعالیٰ کے کسی نے بھی اچھی طرح نہ سمجھا یہ ہی عالم عالم حروف کلہے پس خلاصہ یہ ہے کہ بعد سمجھنے کے باطنی قوت خود سے ارباب دعوت کو کام لینا پڑتا ہے۔ یہ بحث بہت دراز ہے اس لئے ترک کر دیا گیا صرف اسقدر سمجھ لیں کہ خادم حروف کا نام لیکر اُس سے کہے کہ تو فلاں قوت منجانب اللہ رکھتا ہے لہذا اب سوقت کو مخاطب کرکے کہے کہ تجکو خدائے تعالیٰ کی سوگند ہے ہمارا فلانا کام بمشیتِ حق تعالیٰ کے کردے اسیکا نام اضمار ہے اسیکو تسلیط موکلات کا عمل کہتے ہیں۔ فافہم والسلام۔

خاصیت نہم حجاب الابصار یعنی نظر بندی میں

یہ تصرف اسکا نظر بندی میں مقرر ہے جب عامل چاہے کہ میں جملہ خلائق کو دیکھوں اور مجھے کوئی نہ دیکھے تو پہلے خاتم کبیر کو پوست آہو پر لکھے مگر روشنائی مشک و زعفران و گلاب سے لکھنا چاہئے اور پھر خاتم کے گرد چاروں طرف عزیمت دعوت سورہ والشمس کو لکھدے اور بخور خدمت بکثرت جلائے اور پھر بطہارتِ کاملہ زبان سے عزیمت دعوت تلاوت شروع کردے اور ہاتھوں سے چوگوشیہ کلاہ تیار کرنا شروع کردے جبکہ یہ قطع وتمامی دوخت سے اس طرح تیار کر چکے کہ خاتم کبیر کو مع حلقہ خاتم کے کچھ نقصان نہ پہنچے۔ بعد تیاری کے علین زوال کے وقت اس کلاہ کو سر پر رکھے اور آفتاب کے مقابلہ میں یہ کلاہ سر پر رکھکر مع طہارت کاملہ کے عزیمت دعوت کو پڑھنا شروع کردے اور بخور مذکور اسکا جلاتا رہے اور اپنے سایہ کے گلو پر نظر رکھے حتی کہ عامل کا سایہ غائب ہونا شروع کردے۔ پھر بالکلیہ سایہ عامل کا غائب ہوجائے

پس جبکہ سایہ بالکلیہ ساقط و غائب ہو جاوے تو جان لے کہ عمل مستجاب ہوگیا۔ پس عامل کی نظروں میں تو عامل محسوس ہوگا۔ مگر جملہ خلق کی نظروں سے عامل غائب و مخفی ہو جائیگا۔ اب عامل کا جہاں دل چاہے چلا جائے یہ سب کو دیکھے گا اور اسکو کوئی نہ دیکھے گا۔ پس جبتک مخلوق کی نظر سے مخفی رہنا چاہے تو کلاہ کو سر سے نہ اتارے۔ اور جب ظاہر ہونا چاہے تو فوراً سر سے کلاہ حجاب الابصار کو اتار ڈالے کل مخلوق میں نظر آنے لگے گا۔ غرضکہ جبتک یہ ٹوپی سر پر رہیگی اسکو کوئی نہ دیکھ سکے گا۔ اور جب ٹوپی سر سے اتار لیجاوے گی تو یہ ظاہر ہوگا مخفی رہ نہ سکے گا فافہم والسلام۔ واللہ اعلم بالصواب۔

خاصیت دہم بے کلید کے قفل کھولنے میں ہے

عامل جب چاہے کہ بے کنجی کے قفل کھلجائے ویا کوئی آہنی حلقہ جسکو کڑا کہتے ہیں بدون قطع کئے کھل جاوے ویا جولان وطوق وہتکڑی ویا زنجیر آہنی بدون کھولنے اور قطع کئے خود بخود بدون شکستگی کڑی وکنڈے کے کھلجاوے تو حسب دستور کے عامل بطہارت کاملہ عزیمت دعوت سورہ والشمس کو کاغذ ڈمی یا پوست آہو دباغت شدہ پر خاتم کبیر کو لکھے اور دھونی جلاتا رہے اور اس کے گرد عزیمت دعوت موصوفہ کو لکھدے روشنائی مشک و زعفران وگلاب کی ہونی چاہئیے اور دعوت موصوفہ کو ہفت بار تلاوت کرکے خاتم پر قف کرکے فوراً بطور تعویذ کے تہ کر رکھے اور پارچہ جامہ ویا موم جامہ میں ملفوف کرکے اس حرز کو دست راست کے بازو پر باندھے پھر اسی ہاتھ کو ایکبار عزیمت دعوت پڑھکر اور خادم دعوت کو فتح قفل وغیرہ پر مسلط کرکے اسپر قف کرکے لمس کرے وہ قفل وہ قید وہ غل وغیرہ فوراً کشادہ ہوگا۔ مگر اس تعویذ پر روزانہ ہفت مرتبہ عزیمت تلاوت کرکے قف کر دیا کرے بعد تکمیل تعویذ ہذا کے جو شخص عامل ہوگا وہ بھی اس تعویذ سے فتح قفل بے کلید کے اور بدون قطع کئے قید جولاں وغیرہ کھول لینے پر قادر و متصرف ہو جاتا ہے۔

(نوٹ) ایک حکایت عجیب و غریب بمقام ریاست ٹونک راجپوتانہ نسبتی خانصاحب عبدالقادر خاں نامی کے واقع ہوئی ہی جس سی اس عمل کی تصدیق و تائید ہوتی ہی وہ یہ ہو کہ ایک خانصاحب عبدالقادر نامی سکنہ شاہجہانپور (یوپی) کے وارد ٹونک ہو کر نائب صاحب بہادر محمد عبیداللہ خان وزیر ٹونک کے مہمان تھے اور چند ماہ سے یہاں ہی مقیم تھے بظاہر نہایت پاکباز صوم و صلوٰۃ کے پابند سفید پوش معزز وجیہ شکیل تنومند آدمی تھے تہجد گزار تھے اُن کے چال چلن پر کسی بدگمانی کا اشتباہ نہ ہوتا تھا۔ اور اکثر عالموں او فاضلوں کی صحبت میں رہتے تھے معقول نوشت و خواند میں مہارت رکھتے تھے اُنکی نسبت ایکدم سی رزیڈنٹ ابو صاحب بہادر کی چھٹی ریاست ٹونک میں پہنچی کہ جو عبدالقادر خان نامی پرائی منسٹر ٹونک کے مہمان وارد حال ریاست ہیں اُنکی نسبت جاسوسی کا شبہ ہی اور بعض ریاست کے ملزم بھی ہیں انکو ماخوذ کر کے حراست میں رکھا جائے اور عندالطلب حوالہ گورنمنٹ انکو کر دیا جائے۔ چنانچہ اس چھٹی کو نائب صاحب بہادر نے دو چار دن مخفی رکھا۔ اول دل میں خیال کیا کہ کس حیلہ سی اُن پر ہاتھ ڈالا جائے کہ وہ ہمارے مہربان مہمان ہیں۔ دونوں وقت اُن کے ساتھ دستر خوان پر کھانا کھایا جاتا ہی۔ یہ تو اس فکر میں تھے۔ لیکن عبدالقادر صاحب کو کسی طرق سے اس چھٹی کا حال معلوم ہوگیا تو عبدالقادر خان صاحب نے خود نائب الریاست بہادر سے اس چھٹی کا ذکر کیا کہ جو چھٹی میری نسبت گورنمنٹ برطانیہ کیطرف سے گرفتاری کی آپ کے پاس آئی ہوئی ہے آپ اُسکی فوراً تعمیل کریں۔ میں نے آپکا نمک کھایا ہی یہ امر میں گوارا نہیں کر سکتا کہ آنجناب میری وجہ سے گورنمنٹ کی نظروں میں مشکوک و معتوب قرار پائیں۔ پس آپ فوراً گرفتار کرا کے بذریعہ پولیس ریاست کے جیل کے حوالات میں مجھے بھجوا دیں۔ آپ بری الذمہ ہو جائیں گے اور میں جب چاہونگا جیل سے غائب ہو جاؤنگا۔ اگر قابل شکایت ہوں گے تو جیل کے سپاہی حراستی ہوں گے۔ نہ آپ۔ نائب صاحب کو یہ سنکر حیرت ہوئی اور دل میں خیال کیا کہ یہ عجیب پُراسرار شخص ہے۔ چنانچہ وہ جیل بھیجدیئے گئے اور اُن کو حراست میں لیکر گورنمنٹ کو اطلاع دیدی گئی۔ جب گورنمنٹ سے اُن کی طلب ہوئی اور دوسرے دن وہ روانہ

ہونے کو تھے تو علی الصباح بیڑی و ہتکڑی بدون قطع و فتح کئے ہوئے اُن کے قیام کی جگہ پائی گئیں اور وہ غائب ہو گئے۔ گورنمنٹ اور ریاست والے متحیر ہو گئے۔ پھر اُن کی نسبت بعد مدت کے یہ سنا گیا کہ وہ کسی مقام پر ماخوذ ہو کر حراست میں لے لیئے گئے مگر پیشی عدالت سے قبل حوالات الہ آباد سے بدستور غائب ہو گئے۔ پھر اُنکا پتہ نہ چلا۔ ایک عجیب و غریب اُنکی نسبت یہ داستان سماع میں آئی کہ وہ بمقام بھوپال بعہد شاہجہاں بیگم صاحبہ مہمان ریاست تھے ایک حکم سرکار بھوپال مبلغ بیس ہزار روپیہ دلائے جانیکا پروانہ دفتر دارالانشاء سے جاری ہوا اور جہاں جہاں اُسکو گشت کرنا تھا وہ گشتی صورت میں نقل کیا گیا پھر اُس کی تعمیل میں ریاست کی طرف سے چک قطع ہوا۔ اُسپر حکام بالادست کے دستخط ثبت ہوئے سرکاری کچہری کی مہر ثبت ہوئی اُسکا روپیہ خزانہ شاہی سے برآمد ہو کر مشارٌ الیہ کی جیب میں گیا اور کسی رئیس و حاکم نے کوئی اعتراض نہیں کیا۔ جب حساب کی جانچ پڑتال سالانہ کی گئی۔ تو اول رئیس وقت نے انکار کیا کہ ہمنے کوئی حکم صادر نہیں فرمایا اسی طرح جملہ اہلکاران ریاست بھوپال نے یکے بادیگرے اس روپیہ دلانے سے انکار کیا۔ لیکن دفتر سرکاری کے اس رقم عطیہ کی بابت جملہ کاغذات موجودہ دفتر میں تاریخوار اور متعلقہ اہلکارونکے دستخط موجود پائے گئے۔ اب دو امر نسبت عبدالقادر خاں کے عجیب و غریب ثابت ہوتے ہیں۔ اول بدون مفتاح کے جیلخانہ کا قفل اور پاؤں کے جولاں آہنی بدون قطع و برید کے پائی گئیں۔ دوسرا یہ امر کہ حسب خواہش دلی کے جسقدر رقم کی ضرورت اُنکو لاحق ہوئی اُسکو تحت ضابطہ عدالت لاکر سرکاری خزانہ سے رقم وصول کر لی اور پھر مصرف اس رقم کا محض فی سبیل اللہ بدون اپنے کام میں لانے کے قبل تقسیم کر دیا گیا۔ جس سے یہ صاف پتہ چلتا ہے کہ خان صاحب بہادر حاکم عامل علوی کے بالضرور ہیں۔ جسکے سبب سے ایسے حیرت انگیز کام کر لئے گئے۔ عمل سفلی کا یوں گمان نہیں ہو سکتا کہ وہ بظاہر غایت درجہ کے پابند صوم و صلوٰۃ کے ہیں کبھی کوئی کام لایعنی اُن سے سرزد نہیں ہوتا۔ بجز اس امر کے کہ ہر ایک یاست کے حکمنامہ پروانہ اعزاز و اکرام کے رئیسوں

کی طرف سے اُنکے پاس موجود رہتے ہیں ویا فوری صیغے میں تیار کر لیتے ہیں اور کسی قسم کی جلسازی ثابت نہیں ہو سکتی۔ بلکہ خود گورنمنٹ آف انڈیا کے افسران سلطنت کے دستخطی پروانے اور رسیدی چھٹیاں اُن کے پاس اُن کے بعض احباب نے دیکھیں اور اُن کے پاس موجود پائیں فافہم والسلام۔

ایضاً خاصیت یازدہم زراعت و باغات وغیرہ کی خیر و برکت میں

عامل کو چاہیئے کہ پہلے خاتم کبیر سورہ والشمس کو سفید ریشم کے پارچہ جامہ پر خوشخط لکھے۔ اور وقت تحریر کے بخور مقررہ خوب جلاوے اور نقش خادم کے گرد عزیمت دعوت سورہ والشمس کو لکھے اور پھر اکیسو ایک دانہ مختلف غلہ جات کے اور بعض ثمر درختوں کے تخم فراہم کر کے اس خاتم میں ملفوف کرے اور پھر اسکو حریر سبز کے تار سے بطور صرہ کے بستہ کر دے پھر ہر ایک دانہ پر ہفت بار دعوتِ عزیمت تلاوت کر کے قف کر دے پھر اُس کیسہ کو یا تو سبز کھیت کے وسط میں بعد پیمائش کے کوئی عمود چوبی نصب کر کے اس حرز کو اُس پر تار سبز ریشم کے ذریعہ سے معلق لٹکاوے ویا اس صرہ کو بے تعداد وزنی غلہ میں دفن کر دے اگرچہ اُس میں سے روزانہ بمقصد صاع شرعی نکالکر صرف کیا کرے۔ اب یہ غلہ کبھی ختم نہ ہوگا۔ اسیطرح عمل سے کھیت کا غلہ اسقدر پیدا ہوگا یعنی اُس میں خیر و برکت ہوگی کہ عقل سلیم کبھی اُسکو باور نہ کریگی۔ یعنی بطور خرق عادت کے یہ غلہ فراواں ہوگا اور صرہ والے غلہ کی طرح یہ بھی کم نہ ہوگا مگر اُسی حرز کو کھیت میں سے جُدا کر کے بدون وزن کشی کے اسی غلہ میں دفن کر دے لیکن اول و دوم صورت میں انبار میں سے جس میں حرز دفن ہے بوجہ طہارت کی حالت میں عامل اپنی ہاتھوں سے نکالے۔ بخور قائم رکھے اور تلاوت دعوت موصوفہ بدون تعداد کے کرتا رہے۔ اور اس موقعہ پر خاتم صغیر کو بدستور لکھ کر اپنے پاس رکھے ایتہ عامل قطعی طور پر اپنے مدعا پہ کامیاب ہوگا فافہم والسلام۔

نوٹ، اگر باغات کے درختوں کی بارآوری بکثرت عامل چاہیے تو اسی حرز کو باغات کے یا باغ کے وسطی درخت پر معلق لٹکا دے - کامیاب ہوگا۔

خاصیت دوازدہم میوہ جات کے خیر و برکت ہونے میں

افراط میوہ جات کیلئے عامل چاندی کے پتر پر خاتم کبیر کو بروز دوشنبہ ساعت قمر میں کندہ کرکے بخور مذکور خوب جلاوے اور حرز کو دیتا جاوے ۔پس جو میوہ خشک موجود ہو جیسے کہ انجیر و تمر و انگور و پستہ و بادام - چرونجی - اخروٹ وغیرہ کے انبار میں یہ لوح مذکور دفن کردے پھر اس میں سے حسب دستور بحالت طہارت بخور جلا کر میوہ برآمد کرکے اپنے کام میں لاوے مگر میوہ جات کو نہ وزن کرکے رکھے نہ وزن کرکے برآمد کرے اور بحالت نکالنے میوہ جات کے بدستور عزیمت دعوت کو تلاوت کرتا رہے - اور حسب حاجت اسکے ملک موکل کو اپنے مخصوص مطلب پر مسلط کردے طرفتہ العین میں حاجت روا ہوگی - اور بعد ختم عمل برآمدگی کے ایکبار عزیمت موصوفہ پڑھ کر باقیماندہ میوہ جات پر مال گودام میں قفل کردے انشاء اللہ تعالیٰ وہ میوہ کبھی ختم نہ ہوگا - مگر جملہ اعمال خیر و برکت کو شروع سال جدید پر عمل کو از سر نو زکوٰۃ کی تجدید کرلیا کرے اور امداد عمل کیلئے یَا بَاسِطُ کو تحت و تصرف میں لے آوے تاکہ سرعت اجابت عمل میں عامل کو مدد ملے - فافہم والسلام

خاصیت سیزدہم طی ارض میں

جب عامل چاہے کہ قلیل مدت میں ہزاروں کوس کا سفر کرکے اور تمامی عالم کی سیر کرکے واپس آجایا کرے یعنی اسکے لئے انبساط و انقباض زمانہ کا حاصل ہوجاوے یعنے تصرف عامل کا زمین کی مسافت بعیدہ قطع کرنے میں بطور خرق عادت کے جسکو کرامت کہتے ہیں - کرامت طی ارض کی حاصل ہوجاوے - وعند الضرورت یہ کام

اُسکا باسانی ہوجایا کرے تو اُسکو لازم ہے کہ آبادی سے دور جنگل میں جاکر دور مقام پر
شب کے وقت بطہارت کاملہ دعوت سورہ والشمس کو شروع کرے اور بخور مقررہ جلاوے
اور خلوتِ خمولت اختیار کرے تو عمل ہذا کے خادموں میں سے کوئی خدیم عامل پر منکشف
ہوگا کہ خادم دعوت کا دست لبستہ عامل کے سامنے حاضر ہے اور السلام علیکم کہتا ہے
عامل اُسکو جواب نہ دیوے۔ پھر اُسکے ہاتھ میں ایک عصا یعنی چوب دستی مضبوط تھامے
ہوئے ہیں نظر آئیگا۔ پس عامل کو لازم ہی کہ اُس موکل کے ہاتھ میں سے اپنی چستی و
چالاکی سے فوراً جھک کر اپنے قبضہ میں حاصل کرے اور اپنے گھر کی طرف رخ کر کے
بعد حصول عصا کے چلدے اور پیچھے پھر کر نہ دیکھے وہ عامل کا تعاقب نہ کرے گا۔
اُس سے کچھ اندیشہ نہ کرے۔ پس اب عامل یہ ارادہ کرے کہ میں مشرق سے چلکر مغرب
میں پہنچکر واپس گھر آجاؤں اور یہ کل سیر ایک دن میں طے کرلوں تو وہ عامل وہی عصا
اپنے ہاتھ میں لیکر ایکبار عزیمت دعوت سورہ والشمس تلاوت کر کے دھونی جلاکر عصا پر دم
قف کر دے اور یہ عصا ہاتھ میں لیکر پیادہ پا سفر اختیار کرے۔ پس بدون تکان کے ایک
سال کا راستہ ایکدن میں طے کر جائے گا۔ اور کوئی دریا پہاڑ و غار وغیرہ مزاحم نہ ہوگا
اور جو چیز حائل بھی ہوگی تو وہ عامل کو نظر نہ آویگی تا کہ اُس کی رفتار روکدے۔ اسی عمل
کا نام طی الارض ہی کہ راستہ کے جملہ صعوبات برطرف ہوویں گے۔ کیونکہ یہ دعوت خدمیت
سورۃ الشمس خاصکر تقصص کل غذ و طی الارض میں موضوع و مخصوص ہی۔ یعنی ان ہر دو تاثیر
میں نہایت قوی الاثر ہے گویا کہ انھیں ہر دو کام کیلئے یہ دعوت وضع فرمائی گئی ہے
اسی کے واسطے خاص موضوع و منصوص ہی اور عموماً اظہار عجائب و غرائب و خرق
عادات دیگر بھی انھیں کے ضمن میں ارباب عمل اہل بادیہ و اہل حاضرہ کیلئے مقرر ہے
پس جب عامل ارادہ کریگا تو مشرق سے مغرب تک و یا مغرب سے مشرق تک ایک یومیہ
منزل طے کر جائیگا۔ یہ عصا عمر بھر کیلئے کافی ہوگا۔ بشرطیکہ فسق و فجور سے بچا رہے تو

بہتر ہے کہ بموجب قوت ارادی کے جملہ ملیسر آوے۔ فافہم والسلام

ایضاً خاصیت چہاردہم طیران ہوا میں

یعنی چودہویں خاصیت ہوا کے طیران میں ہے۔ عاملِ اگر مرد میدان ہوا میں طیران کرنا مانند پرندوں کے چاہے تو واسطے حصول قدرت پرواز کے سب سے پہلے جملہ اجزاء بخور کو مانند سرمہ کے سحق جید کرے کے روغن گل میں ملاکر بعد غسل اور طہارت کے یہ روغن جملہ بدن پر ملے یعنی اس روغن کی بدن پر مالش کرے اور پھر بخور کو جلاکر عزیمت دعوت کو تلاوت کرنا شروع کردے اور میدانِ ہوا میں پرواز کرنے کی ہمت باندھے اور ایکسو ایکبار (۱۰۱) دعوت سورۃ والشمس کے ختم پر تمامی بدن پر قف کرے تو اُسوقت عامل کو اپنے دونوں بازو میں مانند شہباز کے طیران کی قوت محسوس ہوگی۔ پس اُسوقت طیران کرجاوے۔ جملہ حاضرین حالتِ پرواز عامل کو اپنی آنکھوں سے ملاحظہ کریں گے مگر عامل بہ نیت تماشہ دکھانے کے یہ عمل نہ کرے ورنہ غمازانِ دعوات میں سے محسوب ہوگا۔ یہ جملہ تصاریف دعوت سورۃ الشمس شریف کے مشابہ اعمال سیمیا کے ہیں جنکو نااہل سے مخفی رکھنا فرض ہے تاکہ فتنہ افشار اسرار الٰہی سے محفوظ رہے۔ فافہم والسلام

ایضاً خاصیت پانزدہم پانی پر مانند سطح زمین پر چلنے میں

پس جب عامل چاہے کہ دریا میں سمندر میں مانند سطح زمین کے رفتار کرے اور کف پا تک پانی سے تر نہ ہووے تو پہلے عامل اپنا لباس کتان سفید کا تیار کرانے اور اُسپر تصویر کشتی کی بنواوے اور اُس کشتی کے درمیان میں خاتم کبیر کو لکھے اور اُس کے گرد عزیمت دعوت کو بدستور لکھے اور اِس کارروائی کے ساتھ ہی بخور کو افراط سے جلاتا رہے اور عزیمت دعوت کو تلاوت کرتا رہے۔ پس عامل کے بدن میں قشعریرہ پیدا ہوگا۔ جان لے

کہ عمل مقبول ہوگیا۔ پس اُسوقت عامل بسم اللہ مجرٖیھا و مرسٰھا ان ربی لغفور رحیم کہکر بیباک ہوکر دریا میں رفتار شروع کردے پانی دریا کا خواہ ساکن ہو خواہ رواں ہو اور دریا خواہ سمندر قہار ہو خواہ کوئی جھیل ہو خواہ کوئی نہر ہو جیسے کہ گنگا و جمنا وغیرہ ہیں۔ غرضکہ پانی میں کسی مقام پر ہو عامل کو کچھ مضرت نہ پہنچے گی۔ بلکہ کف پا تک تر نہ ہوگا۔ اسطرح کی کاروائی اہل کتاب نصاریٰ تک کو اسمار الٰہی کی تصدیق سے حاصل ہوجانا۔ بعض اساتذہ کی تحریر و تقریر سے سماع میں آئی ہے۔

ایضاً خاصیت شانزدہم آب و طعام حاضر کرنے میں

یہ تصرف بواسطہ دعوت سورۃ الشمس کے حاضرات طعام و شراب کیلئے مقرر ہے جب عامل کو طعام و شراب کے حاضر کرنیکا قصد ہو تو پہلے عزیمت و دعوت کے بخور مقررہ جلاکر دس مرتبہ تلاوت کرے اور خدام سورۂ موصوفہ کو واسطے طلب طعام و شراب مطلوبہ مشخصہ کے مسلط کرکے اضمار کردے کہ فلاں کھانا فلاں قسم کا پانی حاضر کرو۔ بہت کمتر مدت میں تحت دسترخوان کے وہ اشیاء مطلوبہ موجود ہوجاویں گی۔ اگر کسی خادم کی ضرورت ہو تو طعام کیساتھ اسکی طلبی کیجاوے وہ مع خوانوں کے کسی پردہ کے اندر سے نمودار ہوگا۔ اور جسقدر آدمیوں کیلئے ضرورت ہو تو اُتنی مقدار سے وہ خادم بصورت انسان لیکر حاضر ہوگا پھر وہ اپنے انتظام سے حاضرین مجلس کو کھانا کھلاکر بحصولِ اجازت عامل صاحب کے رخصت ہوجائے گا۔ مگر عامل کیجانب سے یہ دسترخوان پاکیزہ جدید یا دھویا ہوا پاک و صاف غیر مستعمل ہووے و یا مکان حاضرات طعام میں کسی گوشہ میں ایک پردہ ڈالدیا جاوے اور اُس پردہ و یا دسترخوان پر اندرونی جانب خاتم کبیر لکھدیجاوے اور اُس کے گرد عزیمت دعوت بدستور لکھکر اپنے مدعا پر خدام عمل کو مع اضمار کے مسلط کردے۔ آیندہ اپنا کام کرے حسب منشار خود کاروائی ہوگی اس موقعہ پر ایک حکایت تاریخی یاد آئی ہے جو کہ ہدیہ ناظرین کیجاتی ہے جو کہ آیندہ معاملہ سے

تعلق رکھتی ہے وہ یہ ہے :-

حکایت - بعض کتب تاریخ میں مولٰنا نظامی گنجوی رحمۃ اللہ علیہ کے لائف کے تحت میں یہ مضموں لکھا ہوا دیکھا ہے کہ آخر عمر میں مولانائے موصوف مصنف سکندر نامہ بری و بحری نے نواح گنجہ میں ایک کٹی بنا کر بغرض خلوت کے اُس میں سکونت اختیار کر لی تھی اُسوقت کا رئیس بخارا کہ جسکے تحت میں یہ قصبہ گنجہ بھی شامل تھا بغرض شکار و سیر صحرا کے معہ حشم و خدم کے اُس دشت میں پہنچا کہ جس میں مولانا نظامی علیہ الرحمتہ کی کٹی موجود تھی - جو کہ یہ مشہور و معروف اپنے عہد کے شاعر اعظم تھے اُن کے مقام کی خبر سنکر رئیس بخارا مولانائے موصوف سے ملنے کی غرض سے انکے مقام سکونت پر تشریف فرما ہوا - اور ساتھ میں آٹھ سات خدمتی اُسکے ہمراہ تھے اور چاشت کے کھانیکا وقت تھا اور تیاری طعام میں کچھ وقفہ تھا سو اُسوقت کے ٹالنے کیلئے اور مولانا سے ملنے کیلئے تشریف لائے تو معہ ہمراہیان خود کے اُس کٹی میں چٹائی پر جسپر مولانا بیٹھے تھے رئیس شاہزادہ صاحب کو بھی مجبوراً اُسی فرش چٹائی پر بیٹھنا پڑا - اور باہمی ملاقات کر کے سرسری طور پر ادھر اُدھر کی بات چیت کرنے لگے اور بتقاضائے اشتہار وقت کے تیاری طعام کا اور اُسکے تناول کرنیکا خطرہ بار بار دلمیں گذر رہا تھا - مولانائے موصوف نے فراست سے حالات معلوم کر کے شہزادہ سے کہا کہ طعام ماحضر تیار ہے اگر اس غریب کا طعام تناول فرما دیں گے تو مجھے عزت حاصل ہوگی اور اس کٹی میں ایک گوشہ میں کالا پردہ کھنچا ہوا پہلے سے تیار تھا - پس مولانا صاحب کے اصرار کرنے پر اس شرط سے منظور کر لیا کہ ہمارا پکوایا ہوا کھانا بھی یہیں منگوالیا جاوے تاکہ ہمراہی رئیس کے بھی سیر ہو کر کھانا کھائیں - محض اس خیال سے کہ مولانا کے ہاں زائد سے زائد بھی اگر ہوگا تو علاوہ مولانا کے دو آدمیوں کو کفایت کرے گا اور ہمارے ساتھ معہ ہمارے آٹھ کس معزز موجود ہیں - مولانا صاحب نے ارشاد فرمایا کہ بیشک آپ کی رائے درست ہے اگر طعام میں کمی ہوگی تو آپکا تیار شدہ طعام بھی طلب کر لیا جاویگا یہ کہکر مولٰنا

نے فوراً وضو کرکے اور کچھ پڑھ کر دستک دی تو اُسی سیاہ پردہ کے اندر سے دو کس سفید پوش معہ آفتابہ وسلابچی کے حاضر ہوئے۔ ایک خدمتی نے ہاتھ دھلائے دوسرے نے ایک سفید بیش قیمت شاہانہ دسترخوان بچھادیا اور پردہ کے اندر سے انواع انواع اقسام اقسام کا کھانا امیرانہ شاہانہ لاکر چن دیا۔ مولانا صاحب نے حکم دیا کہ شروع کیجئے گا۔ اول تو کھانا شیریں و نمکین بےنظیر پھر ظروف چینی وغیرہ کے امیرانہ کے اندر سلیقہ سے چنا ہوا کھانا موجود تھا۔ سب نے تعجب کیا اور کھانا شروع کیا تو اعلیٰ درجہ کا لذیذ طعام پایا کہ خود رئیس نے بھی اپنے دسترخوان پر اس لذت کا کھانا ابتک نہیں کھایا تھا۔ خیر بعد فراغت طعام کے ہاتھ دھلواکر کھانا باقی ماندہ معہ ظروف کے حکماً بڑھا دیا گیا۔ پھر ہر دو خادم کو رخصت کر دیا وہ پردہ کی آڑ میں ہو کر مع طعام و ظروف کے غائب ہوگئے۔ اب رئیس اور اُس کے ساتھیوں کی حیرت کی کوئی حد نہ رہی۔ اول تو رئیس نے بذات خود اُس پردہ کو ہٹایا تو صرف ایک چارپائی کی جگہ ضرور تھی اور باقی صفر۔ اب تو رئیس چلا اٹھا کہ مولٰنا برائے خدا اس ورطۂ حیرت سے مجھے نکالو اور اصل حال سے مطلع کرو۔ اور اسکا جواب دو کہ یہ وقوعہ اصلی ہے اور بیداری کا ہے دیا میں خواب دیکھ رہا ہوں۔ غرضکہ بہت طول طویل بحث کے بعد مولٰنا نے فرمایا کہ یہ ایک شعبدۂ عجیبہ علم سیمیا کا تھا جو وقوع میں آیا ہے اور آپ اور ہم سب عالم بیداری میں ہیں اور جو کچھ گذرا واقعہ صادقہ ہے۔ کوئی طلسمی وہمی کارروائی نہیں ہے جس علم کا یہ ایک ادنی کرشمہ ہے جو کچھ کہ تمنے دیکھا ورنہ اس علم و عمل کا ماہر اپنی شخصیت میں ایسے عجائب اور غرائب واقعات دکھانے پر ہر وقت قادر و متصرف ہوتا ہے اور میں تو اس علم میں ہنوز ابجد خواں ہوں۔ پس اس حکایت سے اس تصرف دعوت سورۃ والشمس کی تائید ہوتی ہے۔ اور اس حکایت سے اور اُس کے دوسری تصرفیات سے یہ بھی ثابت ہوگیا کہ یہ عمل سورہ والشمس کا علمِ دعوات سے ایک دعوت عاملانہ و حاکمانہ ہے جو کہ علم سیمیا سے جداگانہ عمل ہے۔ لیکن اس دعوت سورہ شریفہ کے جملہ افعال و خواص علم سیمیا کے اعمال

سے بالکلیہ مماثل و مشابہ ہیں ورنہ علم سیمیا شے دیگر ہے اُسکا اصل اُصول اعمال حروف ہی کے معہ کسی شے مادی حیوانی و نباتی و معدنی کی شرکت سے مترتب ہوتے ہیں فافہم والسلام۔

ایضاً خاصیت ہفدہم ہلاکت دشمن ظالم میں ہے

یہ سترھواں تصرف سورہ والشمس کا ہلاکت دشمن ظالم کیلئے مقرر ہے جب عامل کو کسی دشمن خدا و رسول کے و یا دشمن خود کو ہلاک و قتل کرنا مقصود ہو و یا کسی صعبناک مرض مہلک میں مبتلا کر دینا مدنظر ہووے کہ جس نے عام مومنین و مسلمین پر ظلم و جور سر زد ہوں اور اپنے اپنے زیر دستوں کے ستانیکا پیشہ اختیار کر رکھا ہو۔ اور وہ اپنی سرکشی و تعدی و متمردی سے باز نہ آویں تو عامل عمل ہذا کو لازم ہے کہ وہ پہلے اُسکو نرمی و عاجزی سے ہدایت کرے بطور وعظ و نصیحت کے کہ تو ایذا دہی بندگان خدا کی روش چھوڑ دے اور اس ظالمانہ طریق سے باز آ۔ ورنہ ہم عاجز اللہ تعالیٰ کے بندے تجھ پہ بد دعا کریں گے۔ پھر بھی وہ نہ مانے بلکہ ظلم و ستم کی زیادتی کرے تو پھر عامل نصف شب یعنی ٹھیک ۱۲ بارہ بجے رات کے بستر سے اُٹھ کر بعد طہارت کامل کے سو رکعت نماز نفل ادا کرے اگر پورا عمل اس رات مختصر میں نہ ہو سکے تو اپنے عمل کو دوسری رات حد تیسیری رات تک پورا کرے اور ہر ایک رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے ایکبار عزیمت دعوت سورہ والشمس کو بہ نیت ہلاکت مدعی و یا بہ نیت تمریض و تسلیط شیطانی موذی کے ایکبار تلاوت کرے اور بخور مقررہ کو بکثرت جلاوے اور خادم عمل کو دشمن کی جان پہ بغرض ہلاکت کے و یا بغرض تمریض تسلیط مرض ایذاء خاص بجان دشمن موکل بہ تسلیط مع اضمار کے الفاظ صاف و صریح میں معہ سوگند عمل کے مقرر کردے۔ بلکہ مدت ہلاکت تک متعین کردے کہ فلاں کس فلاں فلاں ایذاء جسمانی کے سبب سے ہلاک ہو و یا فلاں مرض اُس پر مسلط ہو جاوے۔ پس انشاء اللہ تعالیٰ ابھی تو ایکسو رکعتیں پوری بھی نہ ہونگی کہ دشمن کا کام تمام ہو جاوے گا مگر عامل کو خدا تعالیٰ کا خوف ہی چاہئے ایسا نہ ہو کہ غیر مستحق ہلاکت کو قتل کیا جاوے

دیا بیمار ڈالا جاوے فافہم - والسلام

ایضاً خاصیت ہیجدہم خانہ ویرانی دشمن میں

واضح ہو کہ سترھواں عمل تو واسطے ہلاکی و بیماری دشمن کے تھا اور اٹھارویں خاصیت اسکی واسطے خانہ خرابی دشمن کے مقرر ہے اس میں دشمن کی جان کو نجات ہے بلکہ اس کا مکان وجائداد وغیرہ کی ویرانی مقرر ہے - پس جب عامل چاہے کہ دشمن کا مکان ویران و برباد ہو جاوے دیا اُس کے گھر پر شیاطین سنگباری کریں کہ جس کے سبب سے وہ گھر برباد ہو جاوے تو خاتم کبیر کو ایک صفحہ سنگ پر جو کہ کوہ و دشت ویرانہ سے لیا گیا ہو لکھے اور اُس کے گرد عزیمت دعوت موصوفہ کو لکھدے اور بخور مقررہ خوب جلاوے پھر سات مرتبہ عزیمت دعوت سورہ موصوفہ کو تلاوت کر کے معہ اضمار کے اُس لوح سنگ پر قف کر دے پھر اُس لوح کو کسی حیلہ سے دشمن کے مکان میں رکھوا دے دیا بہتر یہ ہے کہ اُسکے گھر میں دفن کرا دے پس جس امر کا اضمار لکھا ہوگا دیا تلاوت کیا ہوگا اُسیطرح سے وہ گھر ویران ہو جاوے گا نعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیات اعمالنا - فافہم - والسلام

ایضاً خاصیت نوزدہم جلب معشوق و تسخیر حکام وغیرہ میں

یہ تصرف سورہ والشمس کا واسطے حاضری و اطاعت مطلوب سرکش و تسخیر حکام بالادست کے مقرر ہے اور وہ اسطرح ہے کہ پہلے خاتم کبیر کو ایک سبز کاغذ پر مشک و زعفران و گلاب سے خوشخط لکھ کر اُسکے گرد عزیمت دعوت کو مع اضمار مطلوبہ کے لکھدے اور وقت تحریر کے بخور مقررہ خوب جلاوے اور اسکا ایک ملفوف بنا کر ایک فتیلہ بناوے اور جو جال مچھلی پکڑنے کا بطور گھاگرہ کے ہوتا ہے اور اُس کا وہ حصہ کہ جس میں گرفتار شدہ مچھلیاں مجتمع ہوتی ہیں کہیں سے حاصل کر کے اُس فتیلہ پر لپیٹ دے اور ایک تانبہ کا کلاں چراغ مانند

کٹورے کے ہفت دہانہ کا بنوا کر اُسکے مقام دہن پر عون سفلی کا نام ترتیب وار لکھے بعد دیگرے بسند مندرجہ ذیل معہ عبارت کے پاکیزہ حالت میں مہرکن سے کندہ کرا کر تمامی عمر کیلئے یہ ایک چراغ واسطے عمل تسخیر مطلوب کے کافی وافی ہوگا۔ اب اس فتیلہ کو چنبیلی کے خوشبودار روغن سے پُر کر کے فتیلہ کو مکان خلوت میں روشن کریں اور اُس کی روشنی میں بہ تصور تسخیر مطلوب اس طرح پر کہ میرا مطلوب میرے سامنے دست بستہ مطیعانہ بطور ذلت کے میرے سامنے کھڑا ہے۔ عزیمت دعوت کو اکتالیس مرتبہ تلاوت کرے اور جو نسا دن جس عون سے منسوب ہووے اُس عون کو حکماً مطلوب کے حاضر کرنے پر مع اضمار کے سوگند کیساتھ مسلط کرے اور بعد ختم دعوت موصوفہ کے آیت شریفہ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ کو تین ہزار بار تلاوت کرے۔ اور اس مدت میں بخور خوب جلاتا رہے پس سات دن تک یہی عمل کرے جس رات دن کا یہ عون ہو اُس رات کو یہ عمل کیا جاوے گا اور اُس کے تسخیر مطلوب پر مسلط کیا جاویگا۔ وہ ہفت اعوان یہ ہیں۔ بماہ ثابت پہلے یکشنبہ سے شروع کرے جسکا عون موکل سفلی مذہب ہے، دوشنبہ کا مرہ ہی سہ شنبہ کا احمر ہی چارشنبہ کا برقان ہے پنجشنبہ کا شمہورش ہے۔ جمعہ کا ابیض ہے۔ شنبہ کا میمون ہے۔ یہ ہی ترتیب کواکب سبعہ کی ہی۔ یعنی شمس و قمر۔ مریخ عطارد، مشتری۔ زہرہ و زحل ہے اور جو عبارت بطور تسلیط اضمار کے لکھی جاوے گی وہ اس طرح مقرر ہے۔

اَیْنَ مذہب احلب فلان ابن فلان یا بنت فلان فلانۃ الی فلان بالعشق والمحبۃ

اقبل بحق روقائیل وبدریائیل الشمس الموکل بیوم الاحد یہ برائے یکشنبہ کے ہی۔ اَیْنَ المرۃ احلب فلان ابن فلان یا بنت فلان ابن فلان بالعشق والمحبۃ اقبل بحق جبرائیل وبلاندائیل القمر الموکل بیوم الاثنین یہ برائے دوشنبہ کے مقرر ہے۔

اَیْنَ الاحمر احلب فلان ابن فلانۃ یا بنت فلانۃ علی فلان بالعشق والمحبۃ

اقبل بحق سمسائیل وبدریائیل المریخ الموکل بیوم الثلاثا یہ واسطے سہ شنبہ کے

مقرر ہے۔ اینّ البرقان احبب فلان ابن فلانۃ و یا بنت فلانۃ ای فلان

بالعشق والمحبۃ اقبل بحق میکائیل وبل دیائ العطارد الموکل بیوم الاربعاء

یہ واسطے چارشنبہ کے مقرر ہے اینّ الابیض اجلب فلان ابن فلانۃ یا

بنت فلان ابن فلان بالعشق والمحبۃ اقبل بحق عینائیل وبل دیائ الزھرہ

المؤکل بیوم الجمعۃ یہ واسطے جمعہ کے مقرر ہے۔ اینّ شھوس اجلب

فلان بن فلانۃ یا بنت فلان ابن فلان بالعشق والمحبۃ اقبل بحق صرفائیل

وبل دیائ المشتری المؤکل بیوم الخمیس یہ واسطے پنجشنبہ کے مقرر ہے

اینّ المیمون اجلب فلان ابن فلانۃ یا بنت فلانۃ۔ ابن فلان بالعشق

والمحبۃ اقبل بحق کسفیائیل وبل دیائ الزحل الموکل بیوم السبت

یہ واسطے شنبہ کے مقرر ہے۔

یہ جملہ خط زدہ عبارتیں ہر ایک عبارت ایک ایک خانہ چراغ پر کندہ ہوں تو بہتر ہے ویا ایسی روشنائی سے لکھی جائیں کہ وہ تیل اور پانی سے مٹ نہ جائیں۔ غرض کہ ایک ہفتہ کا یہ عمل ہے اگر مرد مطلوب ہو تو اسکا نام مع نام مادر کے اور جو مطلوبہ عورت ہو تو اسکا نام مع مادر کے اور جو حاکم ہو یا امیر ہو یا بادشاہ ہو لفظ اجلب کے بعد نام اُسکا مع نام مادر کے لکھا جاوے اور اسی کے بعد طالب کا نام مع نام مادر کے لکھا جاوے انشاء اللہ تعالےٰ ایک ہفتہ کی مدت میں مطلوب بیقرار ہو کر مطیع طالب کا ہو کر حاضر ہوگا۔ یہ عمل واسطے مفرور کی حاضری کے بھی مفید ہے فافہم والسلام

(النوٹ) اب ہم یہاں پر چند قانون ادائے زکوٰۃ ہر ایک عمل کے ضبط تحریر میں لاتے ہیں کہ وہ قانون جملہ قرآنی سورتوں کی آیتوں کو اللہ تعالےٰ کے مفرد و مرکب ناموں کو اور دیگر ادعیہ و درودوں کو حاوی ہوں اور اول جملہ قوانین میں وہ اصول یہ ہیں جنکو سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے۔ خذ حرفاً قل الفاً خذ حرفاً قل مائۃ خذ حرفاً قل عشراً خذ حرفاً قل واحداً

یہ چار قول حضرت امیر علیہ السلام سے منسوب ہیں جنکا صاف و صریح یہ ترجمہ ہے۔ ایک حرف کو لیکر ہزار بار تلاوت کرے۔ دوم ایک حرف کو لیکر ایکسو مرتبہ تلاوت کرے۔ سوم ایک حرف کو لیکر دس مرتبہ تلاوت کرے چہارم۔ ایک حرف کو لیکر ایکبار تلاوت کرے۔ ان چاروں کلموں کے علاوہ ایک مقولہ دوسرا بھی آپ ہی سے منسوب ہے وہ یہ ہے الزوج للاتصال والفرد للانفصال یہ کل پانچ کلمہ اصل اصول علم دعوات اور علم جفر کی جان و روح رواں ہیں۔ انکی شرح و تفسیر کے تحت میں علم آثار حروف ہجا علم جفر قائم ہوگیا کہ وہ بذات خود ایک دریائے ناپیدا کنار ہے۔ اور چار کلمہ سابقہ سے سینکڑوں قاعدہ علم دعوات علم سیمیا کے مقرر ہوگئے ہیں جنکی تفسیر میں دفتر کے دفتر سیاہ ہوسکتے ہیں اب ہم اُن اصول خمسہ سے چند قاعدہ ادا زکوٰۃ سور قرانی کے اور اسماء الٰہی و آیات فرقانی کے مبتدیوں کے واسطے درج ذیل کرتے ہیں۔ **اول** یہ قانون ہے کہ جو سورتیں قصار مانی گئیں ہیں۔ یعنی آخر پارہ عم یتسالون اور سورہ فاتحہ انھیں میں داخل ہے۔ پس جس سورت قرانی کی زکوٰۃ دینی ہو اُس کے تمام حروف ہجی کو شمار کرکے فی حروف کے عوض ایکہزار بار تلاوت معہ شروط دعوت کے خلوت اختیار کرکے ختم کرے۔ اس قاعدہ کے تحت میں چاروں قل سورہ الحمد و آیت الکرسی اور دیگر چھوٹے رکوع اور دیگر آیات قرانی کی حاجت روائی کے عمل کرنے سے پیشتر تلاوت کرکے تعداد زکوٰۃ کی پوری کرے۔ اور روزانہ ورد میں پڑھنے کیلئے عوض ہر ایک حروف کے دس بار تلاوت کرتا رہے تاکہ عمل کے تصرفات عامل کے تحت میں باقی رہیں۔ اسیطرح جس سورت کا جو نقش مربع وغیرہ میں وضع کیا گیا تیار ہووے اُسکے لکھنے کی تعداد مقرر ہے۔ اور بعد تکمیل تعداد نقوش کے آرد گندم میں گولیاں بناکر مچھلیوں کو دریا میں ڈالکر کھلادیا کریں تاکہ نقش میں بھی عمل مذکور کا اثر پیدا ہوجائے۔ ایضاً قانون زکوٰۃ اسماء الٰہی کا کہ جسکا نام خدا میں جسقدر حروف ہجی ہوں اُنکو اُسکے اسیقدر حروف میں ضرب دے جیسے کہ لفظ اللہ کے چار حرف ہیں۔ پس چار کو چار میں ضرب دے جسکے جمع سولہ عدد ہوتے ہیں۔ پس ہر ایک عدد کے عوض میں ایکہزار بار تلاوت کرے پس سولہ ہزار مرتبہ اللہ اللہ روزانہ تلاوت کرتا رہے۔ اور اسی تعداد میں نقش ٹھیک لکھ کر اور آرد گندم میں حبوب بناکر دریا میں مچھلیوں کی دعوت کرتا رہے مگر اول و آخر کسی طاق مناسب عدد میں درود شریف کی تلاوت لازم جانے اسکے علاوہ عامل سورہ والشمس پر یہ لازم ہے کہ ایام دعوت زکوٰۃ میں ہر شب کو خلوت کے زمانہ میں عزیمت و ہر دشیہ کو ستر مرتبہ تلاوت کرنا لازم جانے۔ اور انھیں ایام میں رات کو سوتے وقت سات بار یہ کلمات پڑھکر سو جایا کرے۔ ایا روحانیۃ الالہام الموکلون لبس رۃ الشمس للدوام اخبرونی فی اذنی کل وقت اردیا لعمل بہ العشو نی خد یمالفعل ما امرت و ما ذکرت ہما ارید حما و لع

ص اور کم سے کم مدت خلوت سولہ یوم کی مقرر ہے پھر بعد ختم کے

روزانہ ورد سولہ سو یعنی ایکہزار چھ سو بار تلاوت کرے ۲۲

ایام الخلدمۃ پس جب چالیس یوم خیریت سے گذر کر یوم چہل و یکم آجاوے تو عامل کو لازم ہے کہ بعد نماز فجر کے تازہ وضو کرے پھر دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور بعد سورہ فاتحہ کے سورہ الم نشرح۔ اور بعد سورہ فاتحہ کے دوسری رکعت میں سورہ قدر پڑھ کر رکعتوں کو تمام کرے اور بعد سلام کے ایکبار عزیمت وہروشیہ تلاوت کرے اور بخور عزیمت مذکور کا جلا دے تو کوئی صورت مؤکل خادم سورہ موصوفہ کی متمثل ہو کر گوش میں بطور رازداری کے کہدیگا۔ و یا کوئی کان میں عالم خواب میں کہدیگا کہ اسوقت فلاں کوکب کی ساعت ہے اور فلاں برج طالع وقت ہے اور فلاں منزل میں قمر دائرہ ہے اور آیندہ فلاں وقت فلاں عمل کے تلاوت کرنیکا ہے غرض کہ یہ خادم نہایت صحیح وقت بتاویگا پس مطلوبہ وقت کے واسطے عزیمت کے پڑھنے کے مع اضمار و تسلیط خدام کے مدعا پر مستعد ہو کر تعمیل کرے وہ عزیمت وہروشیہ یہ ہے ÷ (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) بِسْمِ اللّٰہِ شراھیا ھمو تا علی متعالی فی علوک این الاجنا و القوید این المشمھارۃ این کرد و ن وجر دم این عضاب این صاحب جیل الدخان این المرکب علی الفیل المعتصم بالثعبان اجیبوا بحق الاسماء العبرانیۃ وبرھمو قاوشیمو تا اجیبوا اطا لعین ٥ جو افعال و خواص عزیمت وہروشیہ کے صاحب شموس الانوار نے لکھے ہیں وہ سب مجربات حضرت عبداللہ تلمسانی سے صحیح ثابت ہو چکے ہیں۔ ایک دوسری عزیمت برہتیہ ہے ان دونوں عزیمت کے اثر جملہ اعمال علویہ سے تعلق رکھتے ہیں کہ ہر ایک عمل کے موکلات علوی و سفلی کو بیدار کر کے اجابت عمل پر آمادہ کرتے ہیں۔ اور بذات خود تاثیر میں سیف قاطع مسلم شدہ ہیں۔ اگر کوئی صاحب زیادہ وضاحت اداء شروط دعوات کا ملاحظہ کرنا چاہیں تو ہماری کتاب **فقیر کی جھولی** کو اول سے آخر تک ملاحظہ فرماویں۔ جو کہ یہ ایک مختصر رسالہ ہے اسمیں زیادہ گنجائش صراحت کی نہیں ہے اس لیے ہم اس رسالہ کو اسی مقام پر ختم کرتے ہیں۔ فافہم۔ والسلام

بقلم محمد ابراہیم عفی عنہ۔ روحی

(بمقام دہلی ۱۲ ربیع الثانی ۱۳۴۷ھ قدسی)

ح

مسلمانوں کو مسلمان بنانیوالی کتابیں

شرح وقایہ اردو

یہ فقہ کی کتابوں میں اس درجہ مستند اور مقبول ہے کہ اب تک اسکی ہزارہا جلدیں ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو چکی ہیں اور یہ ترجمہ بہ اعتبار ظاہری و باطنی بیحد نفیس ہے اس میں ارکان اسلام کے پورے مسائل ہیں۔ بڑی تقطیع کے ۸۰۷ صفحات ہیں اور چار جلدوں میں منقسم ہے۔ قیمت مکمل کتاب کی چار روپیہ للعہ؍

مفتاح الجنۃ

سچ مچ جنت کی کلید ہے اللہ کے دین مستقیم پر چلنے کا راستہ ہے، فقہ حنفیہ کا خلاصہ ہے۔ قیمت پانچ آنہ (۵؍)

ہدایت الاسلام

یہ مسائل کی کتاب ہے، گویا مختصر وقایہ کنز الدقائق و ضروری المکلف کا انتخاب اور عطر ہے۔ اس میں سب سے زیادہ نماز کی تفصیل ہے نازک اور دقیق سے دقیق مسئلہ کو بھی نہیں چھوڑا ہے۔ قیمت ہ؍

فضائل الشہور والصیام

یہ بارہ ماہ کے فضائل کی کتاب ہے جس میں ہر مہینہ کے متعلق اس کی خوبیاں اور فضائل بیان کئے گئے ہیں۔ قیمت ۳؍

وصیۃ النبی

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی وصیتیں جن کے یاد رکھنے کی ہر مسلمان کو ضرورت ہے۔ قیمت صرف ۳؍

سیرت امام ابو حنیفہؒ

حضرت امام ابو حنیفہؒ کے حالات پڑھنے ہر حنفی مسلمان کیلئے ضروری ہیں کیونکہ جنکی نسبت ہم فخر کرتے ہیں ان کے حالات سے بیخبر رہنا نہایت ہی نادانی ہے سیرۃ النعمان علامہ شبلی مرحوم کی تصنیف ہے امام صاحب کے حالات علمی کارناموں مناظروں اور دقیقہ رس مسائل کے معلوم کرنے کے لئے سب سے بہتر کتاب ہے، فقہ کے تدوین کے سلسلہ میں ایسے ایسے نکات علمی بیان ہوتے جن سے آدمی ششدر رہ جاتے ہیں اور حقیقت میں امام صاحب موصوف کا یہ مایہ الاخیار فن یہی ہے۔ لکھائی چھپائی عمدہ کاغذ چکنا قیمت ۱۲؍

احسن المسائل

یہ کنز الدقائق کا اردو ترجمہ ہے اور مسائل کی کتابوں میں بہت مستند ہے۔ زبان صاف ہے اور ہمیں ارکان اسلام کی پوری تفصیل علیحدہ علیحدہ ابواب اور فصلوں میں درج ہے مطبوعہ مجیدی قیمت ڈیڑھ روپیہ عہ

تنبیہ الغافلین

غفلت سے جگانے کیلئے سوتے سے بیدار کرنے کیلئے خدا کے احکام کو جھنجھوڑ جھنجھوڑ کر سنایا ہے۔ قیمت آٹھ آنہ ۸؍

ملنے کا پتہ۔ غلام نظام الدین تاجر کتب دریبہ کلاں دہلی

رکن الدین والمعروف بہ عماد الدین، روزمرہ ہر مسلمان کو پیش آنیوالے روزمرہ ہر مسلمان کو پیش آنیوالے روزہ، غسل و وضو و تیمم و نماز وغیرہ کے ضروری مسائل سوال و جواب کے طرز پر تحریر ہیں جسمیں ایک خاص قسم کی دلچسپی ہے اور جنکی واقفیت بغیر آپ مکمل مسلمان نہیں کہلا سکتے قیمت ۲ا ر

خلاصۃ المسائل نکاح - طلاق رضاعت وغیرہ کے مسائل کو نہایت مفصل طریق پر بیان کیا گیا ہے جو فی الفور ذہن نشین ہو جاتے ہیں۔ قیمت ۵ ر

حدیث الاربعین چالیس احادیث کا اردو میں بامحاورہ ترجمہ مطبوعہ مجیدی۔ قیمت ۱ ر

زواجر ہندی علامہ ابن حجر تیمیمی کی حدیث میں زواجر نامی ایک مشہور کتاب تھی یہ اُسکا سلیس بامحاورہ ترجمہ ہے جسمیں وعظ و نصیحت کے بارے میں بڑی مفید اور کارآمد باتیں مذکور ہیں۔ مطبوعہ مجیدی قیمت ۸ ر

فرض نماز و عرض نیاز اس رسالہ میں فضائل اور مسائل نماز مختصر بیان کئے گئے ہیں آخر میں غزلیں اور مناجاتیں ہیں۔ قیمت ایک آنہ

علامات قیامت یعنی ترجمہ قیامت نامہ جناب شاہ رفیع الدین صاحب جسمیں جنت دوزخ حشر میزان وغیرہ کا موثر طریقہ پر بیان ہے

مفتاح الجنۃ سچ مچ جنت کی کلید ہے اللہ کے دین مستقیم پر چلنے کا سچا راستہ ہے۔ فقہ حنفیہ کا خلاصہ ہے۔ قیمت پانچ آنہ ۵ ر

زینۃ النساء گہنا زیور عورت کی ظاہری زینت ہے لیکن اصل زینت انکا صحیح مسلمان ہو کر عقائد باطلہ سے پرہیز کرنا ہے یہ کتاب اُن کو پڑھائیے اور اُن کے حسن صورت کی زینت حسن سیرت سے بڑھائیے۔ قیمت ۱ار

بہشتی زیور کامل یہ کتاب عورتوں کیلئے تالیف کیگئی ہے مگر ہر مسلمان مرد و عورت بچہ بوڑھے کیلئے اسکا مطالعہ ضروری ہے اس کے دس حصے ہیں قیمت عہر

بہشتی گوہر یہ بہشتی زیور کا گیارھواں حصہ ہے اسمیں وہ مسائل ہیں جو خاص مردوں سے تعلق رکھتے ہیں مثلاً جمعہ عیدین جماعت وغیرہ۔ قیمت ۶ ر

تحفۃ الزوجین مردوں کے جو حقوق عورتوں پر اور مردوں پر جو عورتوں کے ہیں اُنکی مفصل تحقیق۔ قیمت ۳ ر

ایکماہ میں انگریزی آجائیگی جو ضرورت کیلئے بالکل کافی ہوگی آپکو اخبار پڑھنا آجائیگا۔ آپ انگریزی میں خط لکھ سکینگے آپ انگریزی کتابیں پڑھ سکیں گے اس کتاب میں انگریزی کے جملے تلفظ درج ہیں اور ضروریات زندگی کے تمام فقرے جو روزانہ استعمال میں آتے ہیں سب اسمیں موجود ہیں اس سے بہتر کوئی کتاب نہیں عمر